APNS | ABC Certificate | آف ممبر

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
بلوچستان کا کثیر الاشاعت

روزنامہ
بلوچستان لائنز
کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حاجی بابو خروٹی | ایڈیٹر محمد بلال خروٹی | Ph:081-2827012 | E.mail.balochistanlines@gmail.com

جلد نمبر 18 | بروز منگل 26 مئی 2026، 1447 ہجری | صفحات 4 قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 286

بلوچستان قومی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کا مرکز بن رہا ہے، جعفر خان مندوخیل

چین نے دنیا میں تیزی سے تعمیر و ترقی کا سفر طے کرنے کی ایک قابلِ تقلید مثال قائم کی، گورنر بلوچستان کا دورہ چین پر خطاب

آپ کی سرمایہ کاری سے نہ صرف سرمایہ میں اضافہ ہوگا بلکہ مقامی سطح پر بھی معیشت کو تقویت ملے گی، نوجوانوں کو روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

وزیراعظم شہباز شریف بیجنگ کے 'گریٹ ہال آف دی پیپل' میں عوامی جمہوریہ چین کے وزیراعظم مسٹر لی چیانگ سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، چین) جی این ایم (گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان اپنے معدنی اور قدرتی وسائل کی بدولت تیزی سے تمام

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

چمن پھاٹک بم دھماکے کے نقصانات کے تخمینے کیلئے خصوصی کمیٹی قائم

متاثرہ گاڑیوں اور املاک کا جائزہ لے کر فوری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ و چیئرمین ڈسٹرکٹ کمپنسیشن کمیٹی نے چمن پھاٹک کے قریب 24 مئی 2026 کو ہونے والے بم دھماکے کے نتیجے میں ہونے والے مالی نقصانات کے تخمینے کیلئے خصوصی ڈیمیج اسیسمنٹ کمیٹی قائم کردی ہے۔ جاری اعلامیے کے مطابق کمیٹی فوری طور پر کام شروع کرے گی اور متاثرہ علاقے کا دورہ کر کے املاک،

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں سرعام منشیات کے استعمال میں اضافہ، شہریوں میں تشویش کی لہر

جناح روڈ سمیت مختلف علاقوں میں نشے کے عادی افراد سڑکوں پر موجود، انتظامیہ سے فوری کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں منشیات کے عادی افراد کی جانب سے سرعام نشہ کرنے کے واقعات میں تشویشناک

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ہائی الرٹ ریلوے اسٹیشنز اور حساس تنصیبات پر کمانڈوز تعینات کرنے کا فیصلہ

عیدالاضحیٰ کے موقع پر پولیس اہلکاروں کی تمام چھٹیاں منسوخ، مساجد، امام بارگاہوں اور عیدگاہوں کی سیکیورٹی مزید سخت

مساجد، امام بارگاہوں، عیدگاہوں، مزارات اور دیگر مذہبی مقامات کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں حالیہ بم دھماکے کے بعد بلوچستان بھر میں سیکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے جبکہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ممکنہ خطرات کے پیش نظر ریلوے اسٹیشنز، حساس تنصیبات، سرکاری دفاتر، مذہبی مقامات اور عوامی اجتماعات کی سیکیورٹی مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق تربیت یافتہ اور مسلح کمانڈوز کو اہم مقامات پر تعینات کرنے کی ہدایات

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی چینی ہم منصب سے ملاقات

فریقین کا بنیادی قومی مفادات سے متعلق تمام امور پر ایک دوسرے کی مکمل حمایت کا عزم ، پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات کو تیز کیا جا سکے

پاکستان-چین دیرینہ سٹریٹیجک تعاون پر مبنی شراکت داری پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہے، شہباز شریف کی ملاقات میں گفتگو

بیجنگ (این این آئی) پاکستان اور چین نے بنیادی قومی مفادات سے متعلق تمام امور پر ایک دوسرے کی مکمل حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان-چین شراکت داری کو عملی، نتیجہ خیز اور اعلیٰ معیار کے تعاون کے نئے مرحلے میں داخل

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف اور چینی وزیراعظم لی چیانگ بیجنگ میں مفاہمت کی یادداشتوں اور پروٹوکول پر دستخط کی تقریب کا مشاہدہ کر رہے ہیں

نوشکی میں پہلی چڑھائی کے مقام پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، ٹرالر ڈرائیور جاں بحق

مقتول ڈرائیور کا تعلق بلوچستان کے ضلع مستونگ سے ہے، پولیس ذرائع کی ابتدائی تصدیق

نوشکی (یو این اے) نوشکی میں قومی شاہراہ پر پہلی چڑھائی کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے ایک ٹرالر پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ٹرالر ڈرائیور موقع پر ہی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے اس افسوسناک واقعے میں جاں بحق ہونے والے ٹرالر ڈرائیور کی شناخت کر لی گئی ہے اور اس کا تعلق بلوچستان کے ضلع مستونگ سے بتایا جاتا ہے۔

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں زمین کے دیرینہ تنازع پر اندھا دھند فائرنگ، خاتون سمیت 5 افراد جاں بحق

پنجی بیگ تھانے کی حدود میں افسوسناک واقعہ، پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے چھاپے مارنا شروع کر دیے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پنجی بیگ تھانے کی حدود میں زمین کے دیرینہ تنازع پر فائرنگ کا ایک انتہائی افسوسناک اور خونریز واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق مسلح افراد کی اندھا دھند فائرنگ کے باعث جاں بحق ہونے

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پولیس کی بڑی کارروائی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 خطرناک اسنیچرز زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان سے اسلحہ اور چھینی گئی موٹر سائیکلیں برآمد، ڈی آئی جی عمران شوکت اور ایس ایس پی آصف خان کی ہدایت پر کامیاب آپریشن

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑی کارروائی، تین سنیچرز ملزمان فائرنگ کے تبادلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان کی خصوصی ہدایات پر ایس ایچ او عبدالخالق شہید تھانہ انسپکٹر اعجاز احمد نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا ایک شرمناک اور بزدلانہ فعل ہے۔ چوہدری نعیم کریم

دہشت گردی کی ایسی گھناؤنی اور بزدلانہ کارروائیاں قوم کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں، فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام

کوئٹہ (این این آئی) فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کوئٹہ شہر سے عید کی خوشیاں منانے کیلئے ٹرین پر جانے والے مسافروں کو خودکش دھماکے کا نشانہ بنانے کی پُرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا ایک شرمناک اور بزدلانہ فعل ہے جو انسانیت کے اصولوں اور تمام مذاہب کی تعلیمات سے متصادم ہے، دہشت گردی کی ایسی گھناؤنی اور بزدلانہ کارروائیاں قوم کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں۔ پاکستانی قوم اور افواج پاکستان امن، سلامتی،

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

ایران جنگ کے 86 دن بعد عراق سے پاکستان کا براہِ راست فضائی سفر بحال

اسلام آباد (این این آئی) ایران پر امریکا اور اسرائیل کے حملے کے 86 دن بعد عراق سے پاکستان کی براہ راست پروازوں کا آغاز ہو گیا ہے۔ بغداد سے عراق ایئر کی پہلی پرواز آئی اے

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

وزیر مذہبی امور کی سعودی ہم منصب سے ملاقات، حج سے متعلق امور پر گفتگو

مکہ مکرمہ (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے سعودی وزیر حج و عمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ سے ملاقات کی، جس میں حج سے متعلق مختلف امور اور حجاج کو فراہم کردہ سہولیات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیر حج و عمرہ حسن معاخرہ، سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا اور ڈی جی حج عبدالوہاب سومرو بھی شریک تھے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے بہترین حج

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

مسافر خواتین و بچوں پر حملہ انسانیت پر حملہ ہے، بلوچستان کی سیاسی قیادت

عورتوں اور بچوں کا خون بہا کر بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے مکروہ عزائم بے نقاب ہو رہے ہیں، گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) دہشت گردی کے خلاف بلوچستان کی سیاسی قیادت نے متحد ہو کر گزشتہ روز کوئٹہ میں ہونے والے دھماکوں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسافروں، خواتین اور بچوں پر حملہ انسانیت پر حملہ ہے، عورتوں اور بچوں کا خون بہا کر بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے مکروہ عزائم بے نقاب ہو رہے ہیں۔ اپنے بیان میں بلوچستان کی سیاسی قیادت نے قتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو عبرت

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، ایک دوکاندار عید کیلئے جیواری فروخت کر رہا ہے

متاثرہ علاقے میں صفائی ستھرائی کے انتظامات فوری مکمل کیے جائیں، مہراللہ بادینی

دکھ اور آزمائش کی گھڑی میں صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل طور پر کھڑی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی سے گزشتہ روز ٹرین دھماکے میں متاثر ہونے والے خاندانوں نے ملاقات کی، جن کے گھروں اور املاک کو شدید نقصان پہنچا تھا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے متاثرہ خاندانوں سے تفصیلی بات چیت کی اور ان کے نقصانات کا فوری ازالہ کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ متاثرین کو درپیش تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے متاثرین کی بنیادی ضروریات کی فوری فراہمی کے احکامات بھی

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

واقعہ کوئٹہ انسانیت پر حملہ ہے، ملک شاہ گورگیج

کوئٹہ ٹرین دہشت گردی بدترین ظلم ہے، دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (خ ن) رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 259 گوادر اور پاکستان مینگل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی ملک شاہ گورگیج نے کوئٹہ چمن پھاٹک کے قریب مسافر ٹرین پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم مسافروں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور انسانیت سوز عمل ہے۔ انھوں

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، ایک دوکاندار عید کیلئے جیواری فروخت کر رہا ہے

محصولات میں اضافہ اور موثر نفاذ حکومتی ذمہ داری، اصلاحات کے ذریعے شہریوں پر بوجھ کم کریں گے، محمد اورنگزیب

ڈیجیٹلائزیشن اور نفاذی اقدامات سے غیر قانونی و غیر دستاویزی معاشی سرگرمیوں کی روک تھام ہوگی، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات

مالیاتی بے ضابطگیوں کو کم کرنے، اور معیشت کے تمام شعبوں میں منصفانہ محصولات کی وصولی یقینی بنانے کے لیے متعارف کرائی جا رہی ہیں

سلام آباد) جی این ایم (وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ محصولات میں اضافہ اور موثر نفاذ حکومت کے مالیاتی اصلاحاتی پروگرام کے بنیادی ستون ہیں، حکومت پالیسی میں تسلسل اور قبیل کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے یہ بات پیر کو یہاں وزارت خزانہ میں پاکستان ٹوبیکو کمپنی (پی ٹی سی) کے وفد سے ملاقات میں کہی۔ وفد کی قیادت ایریا ڈائریکٹر

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

صدر زرداری کی اردن کے شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین اور عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اردن کے شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین اور اردن کے برادر عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور اردن

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

9 ماہ کے دوران پاکستان کا تجارتی خسارہ 32 ارب 19 کروڑ ڈالر ہو چکا، قائمہ کمیٹی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو بتایا گیا ہے کہ 9 ماہ کے دوران پاکستان کا تجارتی خسارہ 32 ارب 19 کروڑ ڈالر ہو چکا ہے۔ چیئرمین نوید قمر کی زیر

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

عیدالاضحیٰ سے قبل کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا بحران شدت اختیار کر گیا

شہریوں کا کیسکو کے خلاف شدید احتجاج، 10 گھنٹے بجلی بند رہنے سے معمولات زندگی متاثر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عیدالاضحیٰ قریب آتے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں مزید اضافہ ہو گیا، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کیسکو کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں روزانہ 9 سے 10 گھنٹے تک بجلی بند کی جا رہی ہے، جس پر عوام میں سخت بے چینی اور غم و غصہ پایا جاتا

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

تربت میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی، 20 کلو وزنی تباہ کن آئی ای ڈی بم برآمد

حساس ادارے اور سیکیورٹی فورسز نے بم کو بروقت ناکارہ بنا کر دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا

تربت (یو این اے) تربت میں سیکیورٹی فورسز اور حساس اداروں نے ایک مشترکہ اور کامیاب کارروائی کے دوران دہشت گردی کا ایک بڑا منصوبہ ناکام بناتے ہوئے 20 کلوگرام وزنی دیسی ساختہ آئی ای ڈی (IED) بم برآمد کر لیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق تخریب کاروں نے اس بھاری وزنی بم کو تخریبی کارروائی کے لیے ایک حساس مقام پر نصب کر رکھا تھا، جسے فورسز نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر بروقت ٹریس کیا۔ بم ڈسپوزل

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

بجٹ میں عوام کو اچھا ریلیف پیکج ملے گا، رانا ثناءاللہ

پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت پوری دنیا کو امن دینے کے لیے کوشاں ہے دنیا امن کے لیے اس خطے کی طرف دیکھ رہی ہے

نوجوانوں نسل کا کھیلوں کے میدانوں میں آنا ضروری ہے، پاکستان کی سیاسی قیادت اور عسکری قیادت پوری دنیا کو امن دینے کے لئے کوشاں ہیں

فیصل آباد) اے این این (مشیر وزیراعظم سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا کہ کوئی ایسی ترمیم زیر غور نہیں، جس میں نوجوان نسل سے ووٹ کا حق چھینا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں عوام کے لیے اچھا ریلیف پیکج تیار ہو رہا ہے۔ رانا ثناءاللہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت پوری دنیا کو امن دینے کے لیے کوشاں ہے۔ پوری دنیا امن کے لیے اس خطے کی طرف دیکھ رہی ہے۔ انہوں

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

صدر زرداری نے ماحولیاتی اور فوجداری اصلاحات کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مختلف اہم ملکی امور اور قانون سازی سے متعلق فیصلوں کی منظوری دے دی ہے۔ ایوان صدر کے ترجمان کے مطابق صدر

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

پاکستان ریلوے کا پشاور سے کراچی تک نئی عوام ایکسپریس کا آغاز

پشاور (این این آئی) پاکستان ریلویز نے پشاور سے کراچی تک نئی عوام ایکسپریس ٹرین سروس کا آغاز کر دیا۔ سیکرٹری و چیئرمین ریلویز سید منظہر علی شاہ نے نئی ٹرین سروس کا افتتاح پشاور کینٹ

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

سانحہ چمن پھاٹک 'فتنۃ الہندوستان' کی درندگی ایک بار پھر ثابت ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے چمن پھاٹک میں معصوم بلوچ عوام 'فتنۃ الہندوستان' کی بربریت کا ایک بار پھر شکار ہو گئے۔ کوئٹہ میں ریلوے ٹریک پر خودکش دھماکے کے نتیجے میں قریبی رہائشی آبادی شدید متاثر ہوئی ہے، دھماکا اس قدر شدید تھا کہ گھروں میں

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

سندھ رینجرز کی کارروائی، 2 انتہائی مطلوب ملزمان زخمی، 5 گرفتار

کارروائی بہتہ وصولی میں ملوث احمد علی مگسی اور وقاص گروہ سے تعلق رکھنے والے ملزمان کے خلاف کی گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان رینجرز سندھ اور ایس آئی یو پولیس نے پی آئی پی کالونی میں کارروائی کرتے ہوئے 2 انتہائی مطلوب زخمی ملزمان سمیت 5 ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان رینجرز کے مطابق کارروائی بہتہ وصولی میں ملوث احمد علی مگسی اور خدا بخش عرف سنی شامل ہیں تاہم ملزمان کے خلاف کی گئی، دوران کارروائی ملزمان کی جانب سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں پر فائرنگ کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان میں عبداللہ، عبدالسمیع، حمید عرف خلیفہ، عبید عرف بگی اور خدا بخش عرف سنی شامل ہیں تاہم

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: واپڈا کا عملہ چمن پھاٹک دھماکے کے قریب بجلی کی خراب تاروں کی مرمت میں مصروف ہے

نقصانات کا مکمل تخمینہ جلد از جلد مرتب کر کے رپورٹ پیش کی جائے، محمد انور کاکڑ

تاکہ متاثرین کو بروقت ریلیف اور معاوضہ فراہم کیا جا سکے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)

کوئٹہ (خ ن) چمن پھاٹک ٹرین دھماکے کے شہداء اور زخمیوں سے متعلق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ضلعی

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: چمن پھاٹک دھماکے کے بعد مصروف بازار میں رش کی کمی کا ایک منظر

امریکا کے ساتھ فریم ورک پر پہنچ گئے، وفد ابھی پاکستان بھیجنے کا ارادہ نہیں، ایران

معاہدہ طے پانے سے متعلق کوئی بھی بیان قبل از وقت ہو، اس وقت امریکا کے ساتھ جنگ کے خاتمے کے لئے مذاکرات کر رہے ہیں، اسماعیل بقائی

امریکا کے ساتھ مذاکرات میں ایک بڑے حصے پر اتفاق ہو چکا ہے، ایران قومی مفادات کے تحفظ کے لیے بہترین حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے

تہران) اے این این (ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ ہم ایک فریم ورک تک پہنچ گئے ہیں، فی الحال مذاکرات کیلئے وفد پاکستان بھیجنے کا ارادہ نہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ ہم ایک فریم ورک تک پہنچ گئے ہیں، معاہدہ طے پانے سے متعلق کوئی بھی بیان قبل از وقت ہوگا، ایران اس وقت امریکا کے ساتھ جنگ کے خاتمے

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

وزیر تجارت جام کمال خان کی چینی کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

بیجنگ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اپنے سرکاری دورہ چین کے دوران مختلف بڑی چینی کمپنیوں کے نمائندوں سے اہم ملاقاتیں کیں اور انہیں پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ ملاقاتوں میں ٹیکسٹائل، زراعت، کان کنی، ای کامرس اور فوڈ سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر جائزہ خیال کیا گیا، پاکستانی ٹیکسٹائل شعبے میں چینی سرمایہ کاری اور جدید

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: چمن پھاٹک دھماکے کی جگہ کا ایک منظر

سوات ایکسپریس وے پر بس اور وین میں تصادم، 16 مسافر جاں بحق، 8 زخمی

سوات (این این آئی) سوات ایکسپریس

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

سعودی عرب نے پروجیکٹ ''انت حنا'' کے ذریعے لوکیشن گائیڈنس کا نظام مزید بہتر کر دیا

منصوبے کا مقصد پوچھ گچھ کی وجہ سے ہونے والے رش کو کم کر کے زائرین کے تجربے کو بہتر بنانا ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں المسجد الحرام اور مسجد نبوی کے امور کا انتظام کرنے والی جنرل اتھارٹی نے انت حنا کے نام سے لوکیشن گائیڈنس بورڈ کو ترقی دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس کا مقصد المسجد الحرام کے راہداریوں میں حجاج کرام اور معتمرین کی نقل و حرکت اور ان کی منزلوں تک پہنچنے کو آسان بنانا ہے۔ یہ پروجیکٹ مسجد حرام کے زائرین کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوششوں کا حصہ ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق دونوں مقدس مساجد کے انتظام کے مرکزی ادارے نے وضاحت کی ہے کہ ترقیاتی کاموں

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

یوم عرفہ پر 1993 کے بعد پہلی بار ایک نایاب فلکیاتی مشاہدہ ہوگا

سورج بالکل خانہ کعبہ کے اوپر ہوگا جس کے باعث مکہ مکرمہ میں سایہ مکمل طور پر ختم ہو جائے گا

مکہ مکرمہ (این این آئی) اس سال یوم عرفہ پر ایک نایاب فلکیاتی منظر بھی دیکھنے کو ملے گا، جب سورج براہ راست خانہ کعبہ کے عین اوپر آ جائے گا۔ یہ منظر تقریباً ہر 33 سال بعد پیش آ رہا ہے۔ ماہرین فلکیات کے مطابق یہ واقعہ 27 مئی 2026 کو دوپہر کے وقت پیش آئے گا، جو کہ 9 ذوالحجہ 1447 ہجری (یوم عرفہ) کا دن ہوگا۔

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

پاکستانی نژاد برطانوی باکسر حمزہ شیراز عالمی چیمپئن بن گئے

حمزہ شیراز نے جرمنی کے ہلم بیچ کو دوسرے راؤنڈ میں ناک آؤٹ کر کے پہلی بار عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کر لیا

لاہور (این این آئی) پاکستانی نژاد برطانوی باکسر حمزہ شیراز نے عالمی چیمپئن بن کر کھیلوں کی دنیا میں ایک بار پھر پاکستان کا پرچم سربلند کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی نژاد برطانوی باکسر حمزہ شیراز نے ڈبلیو بی او سپر مڈل ویٹ عالمی ٹائٹل اپنے نام کر لیا، حمزہ شیراز نے جرمنی کے ہلم بیچ کو دوسرے راؤنڈ میں ناک آؤٹ کر کے پہلی بار عالمی چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ حمزہ شیراز نے فائٹ کے آغاز سے ہی جارحانہ حکمت عملی اپنائے رکھی، ان کے تابڑ توڑ اور درست پنچز نے جرمن حریف کو بے بس کر دیا۔ حمزہ شیراز کے خطرناک لیفٹ ہک کے نتیجے میں جرمن باکسر رنگ میں سنبھل نہ سکے، ریفری نے مقابلہ فوری طور پر

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: چمن پھاٹک دھماکے کے بعد مصروف بازار میں رش کی کمی کا ایک منظر

کوئٹہ، لیاقت بازار سڑک کنارے چوڑیاں فروخت کی جارہی ہیں

چمن پھاٹک ٹرین دھماکہ بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے، آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن

معصوم شہریوں کا خون بہانے والے اسلام اور پاکستان کے دشمن ہیں، صوبائی انفارمیشن سیکرٹری مولانا امیر بخش گجر

بھاگ (یو این اے) آل پاکستان گجر ایسوسی ایشن کے صوبائی انفارمیشن سیکرٹری مولانا امیر بخش گجر کوئٹہ میں چمن پھاٹک کے قریب ٹرین دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ایسے عناصر جو اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے معصوم شہریوں کا خون بہاتے ہیں وہ نہ پاکستان کے خیر خواہ ہیں اور نہ ہی اسلام کے نمائندہ اسلام امن رواداری اور انسانی جان کے احترام کا درس دیتا ہے انہوں نے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں بڑھتے ہوئے چیلنجز کے مقابلے کے لیے موثر حکمت عملی اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں مولانا امیر بخش گجر نے کہا ال پاکستان گجر ایسوسی ایشن اس مشکل گھڑی میں بلوچستانی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔۔

کوئٹہ: محکمہ امور نوجوانان بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان بھر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے نمائندہ نوجوانوں کے وفد کا پاکستان کے مختلف شہروں کے دورے کے موقع پر ڈائریکٹر الیاس بلوچ کے ہمراہ گروپ فوٹو

پارٹی نظم وضبط اور آئین ومنشور کی پابندی کرنی ہوگی، سید شراف آغا

پارٹی کارکنوں کی غفلت، سستی جمہوری تحریک کے لیے نقصان دہ ہے، اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل صدر کے ایگزیکٹیو اور تحصیل کمیٹی کے علیحدہ علیحدہ اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوئے۔ جس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نوابزادہ اسفندیار جوگیزئی، ضلعی ایگزیکٹیوز وضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی نے سرانجام دیئے۔ اجلاس میں گزشتہ ماہ کی سیاسی تنظیمی رپورٹس پیش کی گئی اور آئندہ کا لائحہ عمل میں مختلف فیصلے کیئے گئے۔ جس کے مطابق عید کے تیسرے روز چمن میں پارٹی کے محبوب چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے زیر صدارت منعقد ہونے والے جلسہ عام میں بھرپور انداز میں شرکت کا فیصلہ کیا گیا۔ پارٹی رہنماؤں نے منعقدہ اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوامیپ کے محبوب چیئرمین کی سربراہی میں ملک کو ایک حقیقی جمہوری فیڈریشن بنانے 1973 کے آئین کو تحفظ دینے،

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال قومی شاہراہ پر ڈکیتی کی واردات ناکام

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال قومی شاہراہ پر ڈکیتی کی واردات ناکام پولیس سیکیورٹی فورسز اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ تین ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار اسلحہ گولیاں ودیگر سامان برآمد کرلیا گیا پولیس کے مطابق نوتال پولیس تھانے کی حدود قومی شاہراہ پر پولیس سیکورٹی فورسز نے روڈ ڈکیتی واردات ناکام بناتے ہوئے ڈاکوؤں سے فائرنگ کے تبادلے میں تین ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے دیگر ساتھی فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گرفتار ڈاکو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیے گئے جن سے اسلحہ گولیاں ون ٹو فائیو موٹر سائیکل ودیگر سامان

ڈیرہ بگٹی صدر پولیس تھانے کی حدود سے مسلح افراد نے پولیس اہلکاروں سمیت سات افراد کو اغوا کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی صدر پولیس تھانے کی حدود سے مسلح افراد نے پولیس اہلکاروں سمیت سات افراد کو اغواء کرلیا مغوی پولیس اہلکار اور دیگر افراد گیس پائپ لائنوں کی دیکھ بھال اور معمول کے گشت پر تھے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی پولیس تھانہ صدر کی حدود گشت پر معمور پولیس اہلکاروں سمیت سات افراد کو نامعلوم مسلح افراد نے جدید اسلحے کے زور پر اغوا کرکے اپنے ساتھ لے گئے پولیس حکام کے مطابق واقعہ گزشتہ شب رونما ہوا پولیس کے مطابق مغویاں میں پرویز مشرف محمد مراد یاسر صوبہ خان شاہجان اور خان شامل ہیں۔۔

ایس ایس پی پشین نوید عالم ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو بریفنگ دے رہے ہیں

حقوق بلوچستان وتحفظ دینی مدارس کانفرنس 4 جون کو پشین میں ہوگی

دینی مدارس کی تالہ بندی کے خلاف تاریخی مظاہرے کے بعد پشین جلسہ بھی تاریخ ساز ہوگا، جے یو آئی پشین

خانوزئی (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع پشین کے امیر صاحبزادہ مولانا کمال الدین، ضلع پشین کے سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا احمد خان، سابق اسپیکر صوبائی اسمبلی سید مطیع اللہ آغا، تحصیل نانا صاحب کے امیر مولانا عبدالباقی دمڑ، اور جنرل سیکرٹری مفتی محمود نے جمعیت علما اسلام تحصیل نانا صاحب کے عمومی دستوری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اجلاس کا مقصد 4 جون کو پشین میں ہونے والی عظیم الشان کانفرنس کی تیاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل پشین میں دینی مدارس کی تالہ بندی کے خلاف ہونے والا احتجاجی مظاہرہ انتہائی کامیاب رہا، اور ہماری زندگی میں پہلی مرتبہ اتنا بڑا تاریخی مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ ان شا اللہ 4 جون کا جلسہ بھی تاریخی ثابت ہوگا۔ انہوں نے تمام ذمہ دار ساتھیوں کو ہدایت کی کہ وہ دن رات ایک کرکے کانفرنس کی کامیابی کے لیے بھرپور محنت کریں، اپنے مساجد کے ائمہ کرام، دینی مدارس کے اساتذہ، مقامی یونٹس اور سینئر اراکین سے ملاقاتیں کریں، اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو کانفرنس میں شرکت کی دعوت دیں۔۔

دہشتگردی ہمیں خوفزدہ نہیں کرسکتی، متحد ہوکر انسانیت کی خدمت جاری رکھیں گے، روبینہ شاہ

فائر بریگیڈ اور امدادی اداروں کے ساتھ مل کر زخمیوں کو ملبے اور متاثرہ ٹرین سے نکالنے میں اہم کردار ادا کیا۔

کوئٹہ (این این آئی) ہیلتھ ایجوکیشن اینڈ انوائرمنٹ پروگرام بلوچستان (HEEP) کی عہدیدار اور سوشل ورکر روبینہ شاہ نے کہا ہے کہ دہشتگردی ہمیں خوفزدہ نہیں کرسکتی، متحد ہو کر انسانیت کی خدمت جاری رکھیں گے۔ عینی شاہدین کے مطابق روبینہ شاہ کوئٹہ چمن پھاٹک کے قریب ٹرین جعفر سروس میں دھماکے کے فوری بعد جائے وقوعہ پر پہنچیں اور زخمیوں کی مدد شروع کردی۔ اس موقع پر مزید دھماکے کے خطرے کے پیش نظر انہیں متاثرہ علاقے میں نہ جانے کو کہا گیا لیکن روبینہ شاہ نے نہ صرف لوگوں کو حوصلہ دیا بلکہ انہیں امدادی کاموں میں شامل ہونے پر آمادہ بھی کیا۔ انہوں نے فائر بریگیڈ اور امدادی اداروں کے ساتھ مل کر زخمیوں کو ملبے اور متاثرہ ٹرین سے نکالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ روبینہ شاہ نے چھیپا ایمبولینس سروس کے ذریعے زخمیوں کو فوری طور پر سی ایم ایچ منتقل کروایا اور خود بھی ہسپتال جا کر زخمیوں کے لیے خون کا عطیہ دیا۔

سابق صوبائی وزیر میر غفور لہڑی اور سابق نائب ناظم نصیرآباد میر نظام الدین لہڑی کے درمیان سیاسی اور ذاتی اختلافات ختم

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد کے علاقے تمبو کی سیاست میں بڑی تبدیلی سابق صوبائی وزیر میر غفور لہڑی اور سابق نائب ناظم نصیرآباد میر نظام الدین لہڑی کے درمیان سیاسی اور ذاتی اختلافات ختم آپس میں ملکر کام کرنے اور علاقائی بہتری کیلئے مثبت کردار ادا کرنے کا عزم۔ تفصیلات کے مطابق نصیرآباد تمبو کی سیاست میں بڑی پیش رفت سالوں سے ایک دوسرے کے سخت مخالف حریف مسلم لیگ (ن) کے سابق صوبائی وزیر میر غفور لہڑی اور سابق ضلعی نائب ناظم میر نظام الدین لہڑی کے درمیان سیاسی اور ذاتی اختلافات ختم ہوگئے۔

جھل مگسی فائرنگ قبائلی شخصیت زخمی تشویشناک حالت میں ہسپتال ملزمان فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی فائرنگ قبائلی شخصیت زخمی تشویشناک حالت میں ہسپتال ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق جھل مگسی سٹی پولیس تھانے کی حدود گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے جھل مگسی کی قبائلی شخصیت وڈیرہ میر ممتاز خان جامانی ساکھانی مگسی شدید ہوگیا جبکہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمی کو سول اسپتال جھل مگسی منتقل کردیا گیا ابتدائی طبی امداد کے بعد انکو نازک حالت مین مذید علاج کیلئے لاڑکانہ ریفر کردیا گیا واقعے کے بارے مین مذید تحقیقات جھل مگسی سٹی پولیس کررہی ہے۔

کوئٹہ: خواتین دکان سے نمکو خرید رہی ہیں

تحفظ دینی مدارس اور حقوق بلوچستان کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے، جے یو آئی رہنما

4 جون کو پشین بازار میں ہونے والا عظیم الشان اجتماع عوامی امنگوں کی حقیقی ترجمانی کرے گا

سرانان (یو این اے) جمعیت علما اسلام تحصیل سرانان کے امیر مولانا سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ، نائب امیر مولانا محمد صادق، سیکرٹری اطلاعات قاری عطا اللہ اور کابینہ اراکین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام پاکستان کے زیر اہتمام 4 جون کو پشین بازار میں منعقد ہونے والی تحفظ دینی مدارس و حقوق بلوچستان کانفرنس موجودہ حالات میں نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ اس عظیم الشان کانفرنس میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن، محسن بلوچستان مولانا عبدالواسع اور دیگر مرکزی وصوبائی قائدین خطاب کریں گے، انہوں نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی بے یقینی، بدامنی اور دینی اداروں کو درپیش مسائل نے عوام میں تشویش پیدا کردی ہے۔ ایسے حالات میں جمعیت علما اسلام ہمیشہ کی طرح عوامی حقوق، دینی مدارس کے تحفظ اور بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے میدان عمل میں موجود ہے۔ کانفرنس میں بلوچستان کے عوام کو

ڈی آئی جی وزیر خان ناصر اور ایڈیشنل ایس پی کی ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت

حملے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں سراج احمد اور مدثر کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

خضدار (یو این اے) ڈی آئی جی ایڈیشنل ایس پی کا ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی وزیر خان ناصر اور ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دھوار زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت کے لیے ٹیچنگ ہسپتال خضدار پہنچ گئے۔ "جہاں پر گزشتہ روز صبح دو پولیس اہلکار ڈیوٹی سے چھٹی کے بعد اپنے گھر جا رہے تھے کہ کھٹہ سے جعفرآباد جاتے ہوئے جعفرآباد مدی کے مقام پر دو نامعلوم افراد نے ان پر حملہ کردیا، جس کے نتیجے میں دونوں اہلکار سراج احمد ولد محمد حیات اور مدثر ولد عبدالرف زخمی ہو گئے۔ "ڈی آئی جی وزیر خان ناصر نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے زخمی اہلکاروں کی خیریت دریافت کی اور ڈاکٹروں سے طبی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔

ڈیرہ مراد جمالی اور گردونواح کے علاقوں میں پینے کا پانی ناپید شہری پانی کے حصول کیلئے سرگرداں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور گردونواح کے علاقوں میں پینے کا پانی ناپید شہری پانی کے حصول کیلئے سرگرداں بچے بوڑھے اور خواتین سے دیگر گھریلو کام چھوڑ کر سارا دن پانی کے لیے سرگرداں شہری سخت گرمی میں پانی کی بوند بوند کے لیے ترس گئے حکام سے نوٹس لینے کی اپیل ڈیرہ مراد جمالی شرقی اور غربی کی کثیر آبادی پانی کی فراہمی سے گزشتہ دس روز سے محروم چلی آرہی ہے ڈیرہ مراد جمالی ہیڈ کوارٹر میں اس وقت محکمہ پی ایچ ای کی چھ واٹر سپلائی اسکیمات ہیں

سبی، حاجی میر جان پھوڑ رند کی قیادت میں درجنوں افراد سبی لہڑی اتحاد میں شامل

سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی کا تقریب سے خطاب، حاجی میر جان رند اور ان کے ساتھیوں کی واپسی کا خیر مقدم

بولان (یو این اے) سبی میں پھوڑ رند اتحاد سبی کی جانب سے حاجی میر جان پھوڑ رند کی قیادت میں اپنی برادری اور دیگر ہم خیال دوستوں سمیت ایک پروقار شمولیتی تقریب کا انعقاد کیا تقریب کے مہمان خاص سبی لہڑی اتحاد کے نوجوان قیادت سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی تھے ان کے ہمراہ میر اللہ داد جتوئی سردار ایوب مری کے ڈی مری سید شیر شاہ جنرل کونسلر ایم سی سبی الحاج صوفی سلیمان مگسی میر محمد جان رند جنرل کونسلر ایم سی سبی میر مظفر ابڑو ٹھیکیدار آفتاب مگسی وڈیرہ نور محمد گشکوری وڈیرہ خیر بخش گشکوری دیگر معزز قبائلی شخصیات موجود تھیں پھوڑ رند اتحاد کے بزرگوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے مہمانوں کا پرجوش جذبے سے استقبال کرتے ہوئے پنڈال میں لایا مہمان خاص کو بلوچی پگڑی پہنائی گئی تقریب کا آغاز تلاوت پاک کلام سے کیا گیا شمولیتی تقریب میں پھوڑ رند اتحاد کے رسول بخش پھوڑ رند سابقہ کونسلر غلام مصطفی (بھٹو) پھوڑ رند میر بابل پھوڑ رند، وڈیرہ غلام حسین پھوڑ رند میر صالح محمد پھوڑ رند ملا محمد حسن پھوڑ رند عمر خان پھوڑ رند حاجی غلام نبی پھوڑ رند غلام حیدر پھوڑ رند دوست محمد پھوڑ رند شیر محمد پھوڑ رند وڈیرہ اسد پھوڑ رند وڈیرہ شہزادہ سلیم پھوڑ رند محمد یار پھوڑ رند سمیت ریلوے کالونی سے محمد نعمان محمد فضل محمد ظہیر احمد اور جہانگیر بھائی کی برادری کی کثیر تعداد نے سبی اتحاد کو خیر باد کرتے ہوئے سردار زادہ میر دینار خان ڈومکی کی قیادت میں سبی لہڑی اتحاد میں

سمنگلی چیک پوسٹ پر ایف سی اہلکاروں کا رویہ ناقابل برداشت ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

حدود میں رہ کر فرائض انجام دیے جائیں، صوبائی پریس ریلیز

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے علاقے سمنگلی ایئربیس چیک پوسٹ پر تعینات ایف سی اہلکاروں نے مقامی عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سمنگلی، نوحصار، خمرگ اور گرد ونواح کے علاقوں کے رہائشی، تاجر، مزدور، طلبا، ڈرائیورز اور عام شہری روزانہ کی بنیاد پر شدید مشکلات، ذہنی اذیت، غیر ضروری پوچھ گچھ اور ناروا سلوک کا سامنا کر رہے ہیں، جس کے باعث علاقے کے عوام میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ ایف سی کو علاقے میں امن وامان کے قیام، عوام کے جان ومال کے تحفظ، دہشت گردی کے خاتمے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کے لیے تعینات کیا گیا تھا، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ متعلقہ اہلکار اپنی بنیادی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے بجائے عام شہریوں، تاجروں اور مزدوروں کو ہراساں کرنے میں مصروف دکھائی دیتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ علاقے میں آئے روز چوری، ڈکیتی، رہزنی، موٹر سائیکل چوری، منشیات فروشی اور دیگر جرائم کے واقعات رونما ہو رہے ہیں، لیکن ان جرائم کی روک تھام کے بجائے نہتے عوام کو بلاجواز تنگ کیا جارہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایف سی اہلکار اپنی آئینی اور قانونی حدود سے تجاوز کرتے ہوئے بازاروں

خضدار کے قریبی علاقے جعفرآباد میں صبح سویرے رہزنی کی بڑی واردات

خضدار (یو این اے) خضدار کے قریبی علاقے جعفرآباد ایریا میں صبح سویرے رہزنی کی واردات۔ دو پولیس اہلکار زخمی۔ تفصیلات کے مطابق خضدار جعفرآباد ایریا میں صبح کے وقت رہزنی کی واردات پیش آئی، جہاں ڈیوٹی سے فارغ ہو کر گھر جانے والے پولیس اہلکاروں سے نامعلوم مسلح افراد نے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی، مزاحمت پر ملزمان نے فائرنگ کردی۔۔

زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی پی ایس ڈی پی اسکیمات کے سلسلے میں افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رکھنی، ٹرکوں کو جلانا اور بھتہ خوری پشتون دشمنی ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

حکومت اور سیکورٹی ادارے عوام کے جان ومال کے تحفظ میں بری طرح ناکام، نااہلی تسلیم کرکے مستعفی ہوں

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں رکھنی رڑکن کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کی موجودگی میں پشتون عوام کے کروڑوں روپے مالیت کے ٹرکوں کو جلانے، ڈرائیورز کو فائرنگ کرکے شدید زخمی کرنے اور دھونس دھمکیوں پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کالعدم تنظیم اور سیکورٹی فورسز کے نام پر مبینہ پشتون دشمن کارروائیوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتون عوام کی زندگی، معیشت اور امن کو تباہی کے دہانے پر پہنچانے کے لیے نام نہاد مسلط حکومت کو ناسک دیا گیا ہے ایک جانب پشتون وطن کے مختلف اضلاع بالخصوص ہرنائی، کوئٹہ، دکی، زیارت، لورالائی، میختر، بارکھان، رکھنی، موسیٰ خیل ودیگر علاقوں میں معدنیات، وسائل کے نام پر بھتہ خوری جاری ہے۔ کالعدم تنظیم اور ایف سی ایل کر کوئٹہ کے نجی بینکوں میں بھتہ کے رقم جمع کررہے ہیں۔ مائنز اونرز، کانکنوں کو اغواء کیا جاتا ہے، گاڑیاں نذر آتش کی جاتی ہے، ڈرائیورز کو قتل وزخمی کیا جاتا ہے اور خوف وہراس کا ماحول بنا کر ہر طرف سے لوٹ مار جاری ہے۔۔

نصیرآباد ڈویژن قیامت خیز گرمی پارہ 49 سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد ڈویژن قیامت خیز گرمی پارہ 49 سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا کاروبار شب انسانی زندگی مفلوج ہیٹ ویو کے باعث متعدد افراد بے ہوش مارکیٹس سنسان دفاتر میں بھی حاضری کم لوگ گھروں تک محدود عید کی خوشیاں بھی ماند پڑ گئی بجلی کی بندش اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ شہری سخت مشکلات کا شکار ہیں۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فیروز خان کے گیس بل پر عائد 32 لاکھ کا جرمانہ ختم کروادیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار فیروز خان کے گیس بل پر عائد 32 لاکھ کا جرمانہ ختم کروادیا گیا۔ درخواست گزار فیروز خان نے بتایا کہ ان کی بیکری ہے "صفا بیکری" کے نام سے۔ جس پر گیس والوں نے 32 لاکھ کا غیر منصفانہ جرمانہ عائد کیا تھا۔ جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رجوع کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوسکی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں درخواست جمع کروائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا۔۔

مال بردار گاڑیوں پر حملوں کے خلاف چیمبر آف کامرس اور ٹرانسپورٹرز کا ہنگامی اجلاس

3 جون کو تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی مشران اور تجارتی تنظیموں کا مشترکہ اجلاس طلب

کوئٹہ (یو این اے) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان اور گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کوئٹہ بلوچستان نے صوبے میں امن وامان کی مخدوش صورتحال، معاشی بحران، مال بردار گاڑیوں پر حملوں اور جلاؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس سلسلے میں تمام چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز، سیاسی جماعتوں کے رہنماں، قبائلی مشران سے مشاورت کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے کا فیصلہ کیا ہے گزشتہ روز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ سے بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر نور محمد شاہوانی، نائب صدر حاجی ظاہر شاہ، حاجی عطا اللہ کاکڑ حاجی مراد خان کاکڑ، ایگزیکٹیو ممبران حاجی محمد امین سالائی، چیئرمین مزدا حاجی بابو ریسانی، عبدالقدیم بڑیچ حاجی برات کاکڑ پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے میں بزنس کمیونٹی اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات وچیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ صوبے میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال، آئے روز مال بردار گاڑیوں کے جلاؤ، بزنس کمیونٹی کو درپیش

ڈیرہ بگٹی نوجوان نے غربت سے تنگ آکر خودکشی کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی نوجوان نے غربت سے تنگ آکر خودکشی کرلی پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی ٹاؤن سے تعلق رکھنے والا نوجوان صالح محمد ولد امام بخش شمبانی نے مبینہ طور پر غربت سے تنگ آکر خودکشی کرلی پولیس نے مقتول کی لاش ہسپتال منتقل کردی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

افسران وعملہ اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے انجام دیں، چیف انجینئر واسا

کوئٹہ (این این آئی) عیدالاضحی کے موقع پر شہریوں کو پانی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے واسا نے فول پروف انتظامات مکمل کرلیے ہیں اس سلسلے میں چیف انجینئر رمضان اچکزئی کی زیر صدارت واسا فیلڈ اسٹاف کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں عید کے دوران پانی کی سپلائی اور عوامی سہولیات سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر کے تمام علاقوں میں پانی کی فراہمی کی نگرانی اور فوری مسائل کے حل کے لیے خصوصی کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں

عوام دوست سیاست کی بدولت پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پر عوامی اعتماد بڑھ رہا ہے، رضا محمد رضا

شیرانی میں 21 سیاسی کارکنوں اور نوجوانوں کی شمولیت، اسلاف کے نقش قدم پر چل کر حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے

شیرانی (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین اور سابق سینیٹر رضا محمد رضا نے کہا ہے کہ مختلف سیاسی کارکنوں، نوجوانوں اور باشعور افراد کی روز بروز پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں شمولیت اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ پارٹی کی اصولی، نظریاتی اور عوام دوست سیاست پر عوام کا اعتماد مسلسل بڑھ رہا ہے، جو نہایت خوش آئند اور حوصلہ افزا عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اپنے اسلاف اور قومی اکابرین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پشتون عوام کی ملی امنگوں، قومی حقوق اور جمہوری خواہشات کی حقیقی ترجمان جماعت کے طور پر اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور پشتون ملی نجات کی تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں بھرپور کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ہمدرد شیرانی کی رہائش گاہ پر منعقدہ ایک شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ہمدرد شیرانی، مجیدایمار سمیت مختلف خاندانوں سے تعلق رکھنے والے اکیس نوجوانوں اور سیاسی کارکنوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں شمولیت کا باقاعدہ اعلان کیا۔ پارٹی رہنماں اور کارکنوں نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے ان کی شمولیت کو پارٹی کے لیے نیک شگون قرار دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رضا محمد رضا نے کہا کہ پشتون قومی تحریک کی تاریخ قربانیوں، جدوجہد اور قومی شعور سے عبارت ہے۔ بابائے افغان سیاست عبدالرحیم خان مندوخیل، سائیں کمال خان شیرانی، محمد جان لالا اور دیگر قومی رہنماں نے پشتون قومی تحریک کو نظریاتی، سیاسی اور جمہوری بنیادوں پر منظم کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ انہی رہنماں کی قربانیوں اور سیاسی بصیرت کی بدولت آج پشتون قومی تحریک ایک مضبوط سیاسی حقیقت کے طور پر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ایک قومی، جمہوری اور ترقی پسند سیاسی جماعت ہے جو پشتون عوام کے قومی حقوق، امن، ترقی، سماجی انصاف، جمہوریت اور عوامی خوشحالی کے لیے مسلسل جدوجہد کررہی ہے۔ پارٹی نے ہمیشہ قومی تشخص کے تحفظ، محکوم اقوام کے حق خود ارادیت،

روحانی طلبہ جماعت وندر سٹی کے زیر اہتمام ہفتہ وار تربیتی پروگرام اور محفل ذکر کا انعقاد

ذکر قلبی کے موضوع پر خلیفہ سائیں فقیر محمد انگاریہ کا درس، مٹھائی کی تقسیم کے ساتھ تقریب اختتام پذیر

وندر (یو این اے) روحانی طلبہ جماعت برانچ طاہری فقیر وندر سٹی کا ہفتہ وار تربیتی پروگرام بعد نماز مغرب زاہد علی دودا طاہری کی رہائش گاہ پر خلیفہ سائیں فقیر محمد انگاریہ طاہری کی زیر صدارت میں منعقد ہوا۔ محفل کا آغاز کلام پاک کی تلاوت سے کیا گیا جس کی سعادت محمد عارف طاہری نے حاصل کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ہدیہ نعت رسول ﷺ اور محبوب مرشد جن سائیں کی شان میں ہدیہ منقبت کا نذرانہ محمد جمیل طاہری وغلام محمد طاہری نے گلہ عقیدت پیش کیا۔ مختصر درس خلیفہ سائیں فقیر محمد انگاریہ طاہری نے ذکر قلبی کے موضوع پر بہترین انداز میں بیان فرمایا مومن علی طاہری نے شجرہ عالیہ پیش کیا۔ اس موقع پر روحانی طلبہ جماعت برانچ طاہری فقیر وندر سٹی کے صدر محمد جمیل طاہری، سنئیر نائب صدر زاہد علی دودا طاہری، جوائنٹ سیکرٹری حسنین علی طاہری، آفس سیکرٹری محمد نواز طاہری، معاون فنانس محمد رضوان طاہری، ممبران میں محمد سمیر طاہری، سیف اللہ طاہری، محمد ایاز طاہری، جماعت اصلاح المسلمین برانچ براہیہ کالونی وندر کے صدر عبدالمجید طاہری شاہد علی دودا طاہری موجود تھے۔

آئے روز کے بم دھماکوں اور بدامنی سے عوام تنگ آ چکے ہیں، رحیم کاکڑ

حکومت اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرے، چمن پھاٹک ٹرین دھماکے پر صرف اخباری بیانات کافی نہیں ہے، سابق میئر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن وسابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ جمیل بوستان ایڈووکیٹ سردار حسن نے اپنے اخباری بیان میں حکومت وقت سے کہا ہے کہ وہ اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرتے ہوئے انسانی جانوں کی ضیاع اور غریب عوام کے املاک کی بربادی کو فوری طور سے روکیں اس نہ ختم ہونے والے آئے روز کی بم دھماکوں ٹارگٹ کلنگ سے سماج کا بے پناہ نقصان ہو رہا ہے اور عوام تنگ آچکے ہیں بیان میں ہر روز کی بے یقینی کی صورتحال نے عوام کو احساس محرومی میں مبتلا کیا ہے۔ جس کا علاج حکومت اور اس کے حد مقام کے عناصر ہے کسی کو عوام کا کوئی خیال نہیں۔

کوئٹہ: نیشنل سٹوڈنٹس موومنٹ بی ٹیوٹا کے متاثرین صورت خان کاکڑ، حیدر کاکڑ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ، دوکاندار قربانی کیلئے چھریاں تیز کر رہے ہیں

کیسکو نے عدم ادائیگی پر قلات کی درجنوں واٹر سپلائی اسکیموں کے بجلی کنکشن منقطع کردیے

محکمہ پی ایچ ای اور کیسکو کی غفلت سے عید کے ایام میں شہر میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی، شہری پریشان

قلات (یو این اے) محکمہ پی ایچ ای اور کیسکو کی مبینہ غفلت ولاپرواہی کے باعث قلات شہر اور گردونواح میں عید کے ایام میں پانی کا شدید بحران پیدا ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق کیسکو حکام نے واجبات کی عدم ادائیگی کا جواز بنا کر شہر کی درجنوں فعال واٹر سپلائی اسکیموں کے بجلی کنکشنز کو یکایک منقطع کردیا ہے، جس کی وجہ سے پمپنگ اسٹیشنز سے پانی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہو چکی ہے۔ واٹر سپلائی اسکیموں کے کنکشن منقطع ہونے کے باعث قلات کے مختلف علاقوں اور محلوں میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے۔ عید جیسے اہم تہوار کے موقع پر پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے مقامی شہری بوند بوند پانی کے حصول کے لیے سخت گرمی میں مارے مارے پھر رہے ہیں اور سرگرداں نظر آتے ہیں۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور بجلی بحال کرا کے پانی کا مسئلہ حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی شہریوں نے موٹر سائیکل چوری کرتے ہوئے چور کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی شہریوں نے موٹر سائیکل چوری کرتے ہوئے چور کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی جیلانی مارکیٹ میں شہریوں نے موٹر سائیکل چوری کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا گیا۔۔

دشمن چاہتا ہے پاکستان معاشی اور سیاسی طور پر کمزور ہوجائے۔ سردار سربلند جوگیزئی

نہتے شہریوں اور عوامی مقامات کو نشانہ بنا کر دہشت گردوں نے ایک بار پھر اپنی بربریت، بزدلی اور انسانیت دشمنی کو بے نقاب کردیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے کوئٹہ میں ٹرین پر خودکش حملے میں فرنٹیئر کور کے اہلکاروں سمیت دیگر شہریوں کی شہادت اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے شہریوں اور عوامی مقامات کو نشانہ بنا کر دہشت گردوں نے ایک بار پھر اپنی بربریت، بزدلی اور انسانیت دشمنی کو بے نقاب کردیا ہے۔ معصوم مسافروں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانے والوں کا کسی بھی مذہب سے تعلق نہیں ہے، پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ بزدل دہشت گردوں نے عید اپنے گھروں کو منانے کیلئے جانے والے شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دشمن قوتیں دہشتگرد تنظیموں اور ان کے سہولت کاروں کو مالی معاونت فراہم کرکے ملک میں افراتفری پھیلانا چاہتی ہیں تاکہ پاکستان معاشی اور سیاسی طور پر کمزور ہو جائے لیکن دشمن کو یہ جان لینا چاہیے کہ

مظفرآباد، محکمہ صحت کا عید کے روز بھی احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ

مظفرآباد (این این آئی) مظفرآباد میں محکمہ صحت نے عید کے روز بھی احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ صحت آزاد کشمیر کے حکام نے بتایا کہ نماز عید کے بعد ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر مظاہرے ہوں گے۔ مقررین نے بتایا کہ عید کی تعطیلات کے بعد مطالبات منظور نہ ہوئے تو احتجاج اگلے مرحلے میں داخل ہوگا۔

خودکش حملے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت قابل مذمت ہے، لالہ یوسف خلجی

صوبائی حکومت امن وامان برقرار رکھنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے جس سے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس پایا جاتا ہے، سربراہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کوئٹہ میں ٹرین پر خودکش حملے اور صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت امن وامان برقرار رکھنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے جس سے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس پایا جاتا ہے، بلوچستان میں جب بھی پیپلز پارٹی کی حکومت قائم ہوئی صوبے میں حالات خراب ہوئے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کوئٹہ میں ٹرین پر خودکش حملے میں درجنوں افراد کی شہادت اور زخمی ہونے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے

پشین میں تحفظ دینی مدارس وحقوق بلوچستان کانفرنس عوامی ترجمان ثابت ہوگی، جے یو آئی

قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں دینی مدارس اور بلوچستان کے حقوق کیلئے جدوجہد جاری رہے گی

سرانان (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع پشین کے امیر صاحبزادہ مولانا کمال الدین اور جنرل سیکرٹری مفتی سید محمد آغا نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ 4 جون کو پشین بازار میں منعقد ہونے والی تحفظ دینی مدارس وحقوق بلوچستان کانفرنس موجودہ ملکی اور صوبائی حالات کے تناظر میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے، جس میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن، محسن بلوچستان مولانا عبدالواسع اور دیگر مرکزی و صوبائی قائدین خصوصی خطاب کریں گے، انہوں نے کہا کہ دینی مدارس ہمیشہ اسلام، پاکستان اور قوم کی خدمت کا مرکز رہے ہیں، مگر آج انہیں مختلف مسائل اور رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ اسی طرح بلوچستان کے عوام بھی بدامنی، بے روزگاری، احساس محرومی اور بنیادی حقوق کی عدم فراہمی جیسے مسائل سے دوچار ہیں۔ جمعیت علما اسلام ہر فورم پر دینی مدارس کے تحفظ اور بلوچستان کے عوام کے حقوق کیلئے بھرپور آواز بلند کرتی رہے گی، رہنماں نے کہا کہ ملک میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور عوامی مسائل کے پیش نظر اس عظیم الشان کانفرنس کے دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔

علیمہ خان کا بیرسٹر گوہر اور سہیل آفریدی پر بغیر بتائے محسن نقوی سے ملاقات کا الزام

کوئٹہ (این این آئی) بانی چیئرمین کی بہن علیمہ خان نے بیرسٹر گوہر اور سہیل آفریدی پر بغیر بتائے محسن نقوی سے ملاقات کا الزام لگادیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر اور سہیل آفریدی نے ہمارے خاندان کو بتائے بغیر محسن نقوی سے ملاقات کی۔ علیمہ خان نے کہا کہ ملاقات میں خاندان کا کوئی بھی رکن موجود نہیں

کوئٹہ پھاٹک دھماکا، نقصانات کے سروے کیلئے کمیٹی قائم، نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں چمن پھاٹک کے قریب ہونے والے ہولناک دھماکے کے بعد نقصانات کے تخمینے کے لیے ضلعی انتظامیہ نے سروے کمیٹی قائم کردی، جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی دھماکے سے متاثر ہونے والی جائیدادوں، گھروں، گاڑیوں اور دیگر املاک کے نقصانات کا تفصیلی جائزہ لے گی اور مالی تخمینہ تیار کرے گی۔ حکام کے مطابق کمیٹی جائے وقوع کا دورہ کرے گی، متاثرہ علاقوں کا معائنہ کرے گی

تقدس کی پامالی کے خلاف یکجہتی پر میر عبدالرؤف مینگل کا سیاسی وقبائلی قائدین سے اظہار تشکر

ملکی وبین الاقوامی شخصیات اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے گھر پر چھاپے کی سخت مذمت کی، بی این پی

خضدار (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابقہ ایم این اے میر عبدالرؤف مینگل نے گزشتہ دنوں خضدار میں اپنے گھر پر سیکیورٹی فورسز کے چھاپے اور چادر وچاردیواری کے تقدس کی پامالی کیا افسوس ناک واقعے پر نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو سابقہ سینیٹر میر خالد بزنجو خضدار میر محمد صف جمالدینی نوابزادہ میر مرتضیٰ مگسی سابقہ صوبائی وزیر میر گرام بگٹی سیاسی وقبائلی رہنما سردار نصیر احمد موسیانی سابقہ وفاقی وزیر دستگیر میر امان اللہ نگلی میر بلال نگلی سیاسی وقبائلی رہنما حاجی وزیر خان مینگل سردار شکر خان جنگ پروفیسر محمد عالم جنگ ڈان نیوز کے معروف صحافی سلیم شہزاد میر حمزہ خان مری کراچی پریس کلب کے صدر سعید احمد سربازی معروف صحافی عارف بلوچ سیاسی وقبائلی رہنما نوابزادہ اورنگزیب جوگیزئی ارباب عابد نواز کاسی سابقہ وفاقی وزیر عبدالحکیم بلوچ معروف دانشور ومصنف یارجان بادینی صحافی عابد بلوچ پروفیسر اکرم دوست جمالدینی سینئر صحافی کمار سابقہ سفیر محمد عالم مینگل سندھ بروہی اتحاد کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر مظفر مینگل بروہی پروفیسر عبدالواحد بزدار معروف مصنف ادیب وکالم نگار اکبر سومرو نواز خان بروہی ڈاکٹر عبداللہ مری میر عزیز مری میر نظام مینگل وحید قدیر بلوچ سابقہ صابای وزیر لالہ رشید دشتی بیچ بار کے صدر چیئرمین ایڈووکیٹ سعید فیض بلوچ سابقہ سیکرٹری بلوچستان اسمبلی میر محمد خان مینگل سابقہ صوبائی وزیر میر عبدالرحمن مینگل سینئر ارباب فاروق کاسی چیئرمین ڈسٹرکٹ زیارت لالہ نعمت اللہ پانیزئی کاکڑ عمارات دوحہ قطر بحرین کویت کینیڈا UK USA جرمنی اٹلی فرانس USSR ایمنسٹی انٹرنیشنل واچ انٹرنیشنل انسانی حقوق کے نمائندوں ودیگر سیاسی قبائلی ومختلف جماعتوں کیا کارکنان وکارکنان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔۔

عیدالاضحیٰ پر قربانی کے جانوروں کی آلائشیں مخصوص مقامات پر پھینکیں

شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے عملہ عید کے تینوں روز ڈیوٹی پر رہے گا، چیئرمین میر مشتر عزیز کھوسہ

بیلا (یو این اے) چیئرمین وائس چیئرمین اور چیف فیسر کی شہریوں سے اپیل شہر کو صاف رکھنے میں شہری اپنے تعاون کو یقینی بنائیں میونسپل کمیٹی بیلا کے چیئرمین میر مشتر عزیز کھوسہ وائس چیئرمین طارق علی بلوچ اور چیف فیسر عبدالرزاق زہری نے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی لاشیں جگہ جگہ نہ پھینکیں بلکہ اپنے علاقوں میں مخصوص جگہوں پر جمع کریں میونسپل کمیٹی کا عملہ صفائی وہاں سے لاشیں اٹھا کر شہری بادی سے دور ٹھکانے لگا دے گا انہوں نے کہا شہر کو صاف رکھنے کے

کوئٹہ، گزشتہ روز چمن پھاٹک کے قریب ٹرین پر ہونیوالے خودکش بم دھماکے کے بعد نوجوان اور ایک بزرگ شہری اپنے تباہ ہونیوالے گھروں کو میڈیا کو دکھا رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
بلوچستان کا کثیر الاشاعت
ABC Certificate
ممبر آف APNS

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حاجی بابو خروٹی Ph:081-2827012 ایڈیٹر محمد بلال خروٹی
Email.balochistantimes@gmail.com

پبلشر حاجی بابو خروٹی نے روزنامہ بلوچستان کوئٹہ سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر کبیر بلڈنگ کمرہ نمبر D-13 جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

معاہدہ ہونے دیں روڑے نہ اٹکائیں!

چودھری خادم حسین

ایران، امریکہ کے درمیان بہتر اور اچھے معاہدہ کے لئے پاکستانی قیادت کی کوشش جاری ہے۔ ہر دم امید و بیم کی کیفیت ہو جاتی ہے اور پھر بات کہیں رکنے لگتی ہے۔ بزرگوں کے بقول بولنے سے پہلے تولنا ضروری ہوتا ہے اور کم بولنا دانش مندی ہے تاہم دنیا میں امریکی صدر محترم ڈونلڈ ٹرمپ بھی تو ہیں جن کو خود پر بولنے کا بھی اختیار نہیں ہے۔ بات بالکل صاف ہو چکی ایران کی طرف سے ممکنہ لچک کا مظاہرہ ہوا اور ہمارے فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کی پھر سے ایک اچھی کوشش نے مزید بہتری پیدا کی۔ ایران آبنا ہرمز کھولنے پر آمادہ ہی نہیں ہوا بلکہ کھول بھی دی جس کے اثرات بھی اچھے ہوئے، تاہم ڈونلڈ ٹرمپ محترم اور ان کے ساتھیوں کو شاید یہ سب ہضم نہیں ہو رہا اور وہ اپنے اندرونی مفاد کے لئے ایسی گفتگو کر دیتے ہیں جس کا جواب لازم ہو جاتا ہے۔ میرا خیال اور یقین ہے کہ محترم ٹرمپ کی حالیہ ٹرمپیانہ گفتگو ان کے اپنے ملک کے حالات کی روشنی میں ہے کہ امریکہ میں مڈٹرم ہونے والے ہیں اور ٹرمپ کی مقبولیت میں واضح کمی ہو چکی جس کی بنا پر اسے یہ ضرورت ہے کہ جس تنازعہ نے یہ معرکہ انجام دیا کہ ان کی شہرت گر گئی اسی سے وہ فائدہ اٹھانے کی غیر حقیقی کوشش کرنے لگے ہیں اور ان کے حالیہ بیانات میں ٹرمپی نے ایک بار پھر شکوک پیدا کرنا شروع کر دیئے ہیں، انہوں نے پہلے تو آبنا ہرمز کھلنے پر ایران کا شکریہ ادا کیا، پھر معاہدہ کی نوید سنائی۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی نہ صرف تعریف کی بلکہ یہ تاثر بھی دیا کہ جلد ہی فیلڈ مارشل مفاہمت کے حوالے سے وائٹ ہاس بھی آنے والے ہیں۔ لیکن ان کو ٹرمپ کون کہے اگر وہ ٹرمپیانہ بات سے گریز کریں اب یکا یک انہوں نے فتح کا ڈنکا بجا دیا اور از خود کہہ دیا کہ ایران افزودہ یورینیم امریکہ کے حوالے کر دے گا اور پھر کبھی یہ کام نہیں کرے گا انہوں نے کچھ اور باتیں بھی کر دیں، ان سب کا جواب ایرانی قیادت پر واجب ہو گیا اور انہوں نے ہر بات کو غلط قرار دیا اور پھر ان کی طرف سے بھی اپنی خود مختاری پر زور دے کر کہا گیا کہ آبنا ہرمز رضا کارانہ طور پر لبنان جنگ بندی کے تاثر میں کھولی گئی ہے) فیلڈ مارشل کا ذکر نہ کرنا حکمت عملی ہے کہ وہ ثالثوں میں سے ہیں (اور اگر ایران کے خلاف جارحیت ہوئی تو اسے پھر سے مکمل بند کیا جاسکتا ہے۔ یوں اچانک پھر سے شبہات نے گھیر لیا ہے۔ حالانکہ ہرمز کھلنے کے ساتھ ہی پٹرولیم مصنوعات کے نرخ گر گئے ہیں، کیا ٹرمپ، ان کے وزیر جنگ اور چیئر مین سینٹ کام پھر سے جنگ چاہتے ہیں کہ مڈٹرم میں فائدہ ہو، جو کہ درست نہیں کہ ٹرمپ اور ان کے رفقا کی مقبولیت میں کمی ہی ان کی طرف سے اسرائیلی حمائت اور جارحیت ہے، جس سے پورے خطے میں جنگ کے شعلے بھڑکے۔

بھارت کی سفارتی اور دفاعی ناکامیاں

ریاض احمد چودھری

فسطائی مودی کے دور حکومت میں بھارت کو سفارتی اور دفاعی ناکامیوں کے بعد تجارتی میدان میں بھی ذلت آمیز شکست کا سامنا ہے۔ خود مختاری اور گلوبل ساتھ کی قیادت کا نام نہاد دعویدار بھارت معاشی ترجیحات پس پشت ڈال کر بڑی طاقتوں کے دبا کے سامنے ڈھیر ہو گیا ہے۔

بھارتی جریدے دی وائر نے مودی حکومت کے ڈبلیو ٹی او کانفرنس سے خالی ہاتھ لوٹنے کو بھارت کی ناکامیوں سے تعبیر کیا ہے۔ جریدے نے ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن کانفرنس میں گھٹنے ٹیکنے پر مودی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے واضح کیا کہ بھارت نے ڈیجیٹل مواد کی ترسیل پر کسٹم ڈیوٹی نہ لگانے کی امریکی شرط قبول کرنے کا واضح اشارہ دیا ہے۔ ڈبلیو ٹی او کانفرنس میں بھارت نے سرمایہ کاری سہولت معاہدہ کسی مزاحمت کے بغیر ہی قبول کر لیا۔ بھارت نے اپنے کسانوں سے غداری اور امریکہ کی وفاداری کرتے ہوئے خوراک کی عوامی ذخیرہ اندوزی پر بھی شکست قبول کی۔ خلیجی جنگ کے تناظر میں بھی مودی کو ملکی مفادات اسرائیل سے دوستی کی بھینٹ چڑھانے پر تنقید کا سامنا ہے۔ ماہرین کے مطابق مودی کی نااہلی کے باعث بھارتی معیشت کو توانائی بحران، کرنسی پر دبا اور ترسیلات زر میں کمی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ بھارت کا اقتصادی قوت بننے کا مضحکہ خیز خواب نااہل مودی کی ناکام اور تباہ کن پالیسیوں کے باعث خاک میں مل چکا ہے۔

بھارتی میگزین نے اعتراف کیا ہے کہ بھارت سفارتی محاذ پر ناک آٹ ہو چکا ہے، پاکستان کا ایران امریکا جنگ میں ثالث بن کر ابھرنا بھارت کے لیے بڑا دھچکا ہے۔ پالیسی میگزین میں بھارتی صحافی و تجزیہ کار سوشانت سنگھ نے اپنے مضمون میں لکھا ہے کہ مودی نہیں بلکہ پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر عالمی سفارتکاری کے مرکز ہیں، خطے میں طاقت کا توازن تبدیل ہو گیا ہے، پاکستان نے سفارتکاری سے اپنا کردار بڑھایا ہے۔ آرٹیکل میں لکھا گیا ہے کہ چین کے ساتھ تعلقات برقرار رکھتے ہوئے پاکستان کی سفارتی اہمیت میں نمایاں اضافہ ہوا، بھارت کو بڑا سفارتی دھچکا لگا ہے کیونکہ نئی دہلی اہم مشرق وسطی مذاکرات سے باہر ہو گیا، مودی حکومت کے لیے سبکی، امریکہ کے ساتھ بھارت کا اثر و رسوخ کمزور پڑ گیا۔

پاکستان کو تنہا کرنے کا منصوبہ ناکام ہو چکا ہے، عالمی طاقتیں اب پاکستان کو نظرانداز نہیں کر سکتیں، پاکستان مشرق وسطی میں امن کا بڑا کھلاڑی بن کر سامنے آیا، مودی کی خارجہ پالیسی ہر محاذ پر ناکام ہوئی۔ پاکستان نے ایک بار پھر 1971 جیسا سفارتی کردار حاصل کر لیا، پاکستان امریکا، چین، ایران اور خلیجی ممالک کے درمیان پل بن گیا، ٹرمپ نے مودی کے بجائے پاکستان پر اعتماد کیا۔ پاکستان کی کامیاب سفارتکاری نے بھارت کا بیانیہ ختم کر دیا، بھارت صرف بیانات تک محدود، پاکستان عملی سفارتکاری کر رہا ہے۔ پاکستان کی امریکہ اور ایران کو جنگ بندی کے لیے ثالثی کی پیشکش پر انڈین وزیر خارجہ جے شنکر کا ایک بیان سرحد کے دونوں جانب بحث کا موضوع بنا ہوا ہے۔ جے شنکر نے کہا کہ انڈیا پاکستان کی طرح بروکر ملک نہیں بننا چاہتا۔ انڈین وزیر خارجہ کے اس بیان پر پاکستانی وزارت خارجہ کا ردعمل بھی سامنے آیا ہے، جس میں ترجمان ظاہر اندرابی نے کہا کہ ایسے غیر سفارتی بیانات گہری مایوسی اور جھنجھلاہٹ کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان اس قسم کی بیان بازی اور بھڑکیں مارنے پر یقین نہیں رکھتا۔ ہمارا طرز عمل تحمل، شائستگی اور وقار پر مبنی ہے نہ کہ محض بیان بازی پر۔

خیال رہے کہ پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کے دوران بعض انڈین رہنماں نے مودی حکومت پر تنقید کی تھی۔ پاکستان کے وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر اپنے ایک بیان میں جے شنکر پر تنقید کی اور کہا کہ جے شنکر خود کو ایک ہائی فائی دلال سمجھتے ہیں، اور ان کا یہ بیان ان کی ذاتی جھنجھلاہٹ کی عکاسی کرتا ہے۔

بھارتی سیاستدان اور انڈین نیشنل کانگریس کے رکن ششی تھرور نے کہا ہے کہ مشرق وسطی کے جاری بحران میں پاکستان کا ایک اہم ثالث کے طور پر سامنے آنا نئی دہلی کے لیے ایک سنجیدہ اور مثبت ردعمل کا متقاضی ہے۔ بھارت کو ایران جنگ کے تناظر میں امن کی کوششوں کی حمایت کرنی چاہیے، چاہئے مذاکرات میں سہولت کاری کوئی بھی کرے۔

ششی تھرور نے پاکستان کی عسکری قیادت اور ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان تعلق کو ایک عملی حقیقت قرار دیا جو روایتی بیوروکریسی سے ہٹ کر کام کر رہی ہے۔ اگر پاکستان اس عمل میں کامیاب ہوتا ہے تو بھارت کو سب سے پہلے اس کامیابی کا خیر مقدم کرنا چاہیے کیونکہ ایٹمی صلاحیت کے حامل خطے میں استحکام سب کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے بھارتی پالیسی سازوں کو خبردار کیا کہ وہ اس پیش رفت پر اسٹریٹیجک بے چینی یا تنقید سے گریز کریں، کیونکہ کسی بھی ناکام ثالثی کا خمیازہ پورے خطے کو بھگتنا پڑے گا۔ کیونکہ بھارت بھی امن کا خواہاں ہے، دنیا میں بڑی تبدیلیاں آ رہی ہیں اور بھارت کو محض تماشائی بن کر نہیں بیٹھنا چاہیے۔

امریکہ ایران جنگ بندی میں پاکستان کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، اس کا احترام کیا جانا چاہیے، پاکستان اور ایران کے درمیان تقریبا 900 کلومیٹر طویل سرحد ہے، اس لیے کسی بھی علاقائی جنگ کے اثرات پاکستان پر بھی پڑ سکتے ہیں، اس لیے پاکستان کا اس تنازع کو ختم کرنے میں دلچسپی لینا فطری ہے۔ جنگل کا قانون کسی کے مفاد میں نہیں کیونکہ اس سے تمام ممالک طاقت ور قوتوں کے رحم و کرم پر آسکتے ہیں۔

مودی سرکار نے بھارتی معیشت اور انتظامی مشینری کا بھٹہ بٹھانے کے بعد عالمی سطح پر بھی اپنی نااہلی اور ناکامی ثابت کر دی۔ بھارتی حکومت نے اقوام متحدہ کی عالمی ماحولیاتی کانفرنس 2028 (COP33) کی میزبانی کی پیشکش واپس لے لی بھارتی جریدے انڈیا ٹوڈے کے مطابق یہ فیصلہ ایک یوٹرن ثابت ہوا کیونکہ مودی نے 2023 میں دبئی میں منعقدہ کانفرنس میں 2028 کانفرنس کی میزبانی کیلئے پیشکش کی تھی۔ یہ فیصلہ صرف ایک ایونٹ کی منسوخی تک محدود نہیں بلکہ بھارت کی ساکھ کیلئے بھی بڑا دھچکا ہے، بھارت پہلے ہی 2035 کے لئے بھی اپنے قومی ماحولیاتی اہداف جمع کرانے کی 2 ڈیڈلائنز کو نظر انداز کر چکا ہے۔ عالمی ماہرین کے مطابق کانفرنس کی میزبانی سے دستبردار ہونا موسمیاتی بہتری کے اقدامات اور گلوبل ساتھ کے بھارتی دعوں پر سنگین سوالات کھڑے کر رہا ہے۔

دواں کے مضر یا مفید ضمنی اثرات (side effects) بھی ہوتے ہیں۔ بعینہ سیاسی عمل میں اصل مقصد کے پہلو بہ پہلو ہر ملک کے ضمنی مقاصد بھی ہوتے ہیں، ہو نہیں سکتا کہ حالیہ ایران امریکہ مذاکرات میں ثالث پاکستان کے پیش نظر اپنی گیس پائپ لائن نہ ہو۔ اس بحران میں سربراہان مملکت کو لحہ بہ لحہ باہم رابطہ کرنا ہوتا ہے، رابطے کا یہ اختیار امریکی صدر ٹرمپ بھی بخوبی استعمال کرتے ہیں۔ پس یہ مت کہیے کہ ان مذاکرات میں ٹرمپ صرف جنگ پر متوجہ ہے اور ہماری قیادت کی صفات حمیدہ کا لگاتار امریکی بیان بے مقصد ہے۔ ایسا ہو نہیں سکتا۔

مذاکراتی عمل میں کیا کچھ بولا سنا گیا یہ تو ہم نہیں جانتے لیکن یہ ضرور جانتے ہیں کہ امریکی صدر اور امریکی اداروں پر نیتن یاہو کی گرفت آکٹوپس سے زیادہ مضبوط ہے۔ گذشتہ ڈیڑھ ماہ میں اسرائیلی وزیراعظم اور امریکی صدر کے مابین جنگ سے ہٹ کر پاکستان کے دیگر مسائل زیر بحث نہ آئے ہوں، یہ بھی ناممکن ہے۔۔

سگ گزیدگی اور ڈپٹی کمشنر کی کارکردگی!

میاں غلام مرتضیٰ

صبح گھر سے واک کے لئے نکلا تو دیکھا کہ ایک نوجوان ڈر کے مارے بھاگ رہا تھا اور اس کے پیچھے دو تین آوارہ کتے لگے ہوئے تھے کہ اتنے میں وہ بھاگتے ہوئے ایک بزرگ کے پاس سے گزرا۔۔۔ انہوں نے اسے آواز لگائی بیٹا رک جا!۔۔۔ یہ آوارہ کتے بھی رک جائیں گے!۔۔۔ وہ نوجوان ان بزرگ کے پیچھے چھپ گیا۔۔۔۔ کتے ان دونوں کو دیکھ کر رک گئے۔۔۔۔ بزرگ کے ہاتھ میں لاٹھی تھی۔۔۔ آوارہ کتوں کو انہوں نے لاٹھی دکھائی۔۔۔ وہ بھونکتے ہوئے،،، بھاگ گئے۔۔۔ اتنے میں، میں بھی ان کے قریب پہنچ گیا۔ باباجی اسے سمجھا رہے تھے بیٹا اگر کتے تمہارے پیچھے لگ جائیں اور کوئی چارہ نہ ہو تو ڈرنے اور بھاگنے کی بجائے اپنی جگہ پر کھڑے ہو جا۔ جتنا تم ان سے ڈرو گے یا انہیں دیکھ کر بھاگو گے، اتنا ہی یہ کتے تمہیں نقصان پہنچائیں گے۔ سچ تو یہ ہے کہ لاہور جیسے ترقی یافتہ شہر میں بھی نجانے آوارہ کتے کہاں سے آ گئے ہیں جس کی وجہ سے آئے روز سگ گزیدگی کی خبریں گردش میں ہیں۔

ایک موقر اخبار کی رپورٹ کے مطابق شہر میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ ابھی حال ہی میں لاہور ہائیکورٹ میں آوارہ کتوں کے کاٹنے سے متعلق پنجاب حکومت کی طرف سے جنوری 2024 سے 26 مارچ 2026 تک کے واقعات پر مشتمل تفصیلی رپورٹ جمع کروائی گئی ہے۔

محکمہ صحت پنجاب کی جمع کروائی گئی رپورٹ کے مطابق سال 2024 میں 2 لاکھ 32 ہزار 704، 2025 میں 2 لاکھ 43 ہزار 299 کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ سال 2026 کے ابتدائی تین ماہ میں 38 ہزار 586 واقعات سامنے آئے۔ ڈی جی خان میں سب سے زیادہ 34 ہزار 293 کیسز رپورٹ ہوئے۔ رحیم یار خان میں 33 ہزار 122 اور فیصل آباد میں 32 ہزار 853 افراد کتوں کے کاٹنے کا شکار ہوئے۔ اسی طرح مظفر گڑھ میں 29 ہزار 471، راجن پور میں 27 ہزار 500 اور راولپنڈی میں 26 ہزار 586 کیسز رپورٹ ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق بڑے شہروں میں بھی واقعات کی قابل ذکر تعداد سامنے آئی۔ لاہور میں 18 ہزار 514 افراد، گوجرانوالہ میں 20 ہزار 147 اور قصور میں 19 ہزار 372 کیس رپورٹ ہوئے۔ اسی طرح میانوالی میں 19 ہزار 099، ملتان میں 16 ہزار 213، سرگودھا میں 15 ہزار 746، شیخوپورہ میں 15 ہزار 340 اور گجرات میں 15 ہزار 468 افراد متاثر ہوئے۔ جہلم میں 10 ہزار 776، چکوال میں 10 ہزار 905، ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 10 ہزار 899 اور چنیوٹ میں 11 ہزار 405 کیسز رپورٹ ہوئے۔ اسی طرح وہاڑی میں 11 ہزار 290، ساہیوال میں 14 ہزار 860، ننکانہ صاحب میں 8 ہزار 543، بہاولپور میں 9 ہزار 263، بہاولنگر میں 8 ہزار 279 اور پاکپتن میں 8 ہزار 199 واقعات سامنے آئے۔ رپورٹ کے مطابق اٹک میں 7 ہزار 997، بھکر میں 7 ہزار 898، خانیوال میں 7 ہزار 463، نارووال میں 6 ہزار 982، اوکاڑہ میں 6 ہزار 724 اور سیالکوٹ میں 6 ہزار 780 افراد متاثر ہوئے جبکہ خوشاب میں 5 ہزار 887، لیہ میں 5 ہزار 004، لودھراں میں 4 ہزار 949 اور حافظ آباد میں 4 ہزار 723 کیسز رپورٹ ہوئے۔

محکمہ صحت کی رپورٹ کے مطابق صوبہ بھر میں کتے کاٹنے کے واقعات کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے اور متاثرہ افراد کو فوری طبی امداد اور اینٹی ریبیز ویکسین فراہم کرنے کے اقدامات بھی کئے جارہے ہیں۔ ایک موقر اخبار کی رپورٹ کے مطابق رواں سال کے پہلے ماہ کے ابتدائی 13 دنوں کے دوران لاہور کے 10 بڑے سرکاری ہسپتالوں میں مجموعی طور پر 1409 ڈاگ بائٹ کیسز رپورٹ ہوئے۔

"ایہنوں سیالکوٹ لے جاؤ"

ناصر بشیر

لاہور میں بہت سی خطرناک اور کم خطرناک بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے کچھ ایسی تنظیمیں کام کر رہی ہیں جو ان امراض کے مفت یا کم خرچ علاج کے لیے کام کر رہی ہیں۔ ان میں سے کچھ تو وہ تنظیمیں ہیں جو واقعی مریضوں کا علاج کراتی ہیں اور جمع شدہ عطیات کا درست استعمال کر کے ہم سب کی دعائیں لیتی ہیں لیکن کچھ اداروں نے اسے اپنی ذاتی آمدن کا ذریعہ بنا رکھا ہے۔ ممکن ہے کہ ایسا نہ ہو۔ مجھے ایسا لگتا ہو۔ بہر حال یہ بات تو طے ہے کہ لاہور کالجوں اور یونیورسٹیوں کا شہر ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین علاج گاہوں کا شہر بھی ہے۔ یہاں ہر مرض کے علاج کے لیے بہترین سرکاری اور پرائیویٹ ہسپتال کام کر رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کسی چھوٹے شہر کے ڈاکٹر کسی مریض کا علاج نہیں کر پاتے تو آخرکار انھیں مریض کے اعزا و اقارب کو کہنا پڑتا ہے: ''ایہنوں لہور لے جاوو۔'' لیکن ایک مرض ایسا بھی ہے جس میں مبتلا لوگوں کے اعزا و اقارب کو ڈاکٹر صاحبان کہتے ہیں: ''ایہنوں سیالکوٹ لے جاوو۔'' یہ ہیموفیلیا کا مرض ہے جس میں مبتلا شخص کا خون پتلا ہو جاتا ہے۔ ذرا سی بھی چوٹ لگ جائے تو مریض کا خون رکنے ہی میں نہیں آتا۔ اس مرض میں مبتلا شخص اگر ڈینٹسٹ سے دانت نکلوائے تو بھی خون نہیں رکتا۔ یہ ایک موروثی مرض ہے جو والدین سے بچوں میں منتقل ہوتا ہے۔ اس کی بنیادی علامات یہ ہیں: جسم پر نیلے نشان بن جاتے ہیں۔ جسم کے کسی بھی حصے سے اچانک خون بہنا شروع ہو جاتا ہے۔ جوڑوں میں سوجن اور توازن میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ متاثرہ جوڑ اور پٹھے گرم رہنے لگتے ہیں۔ ایکسیڈنٹ ہو جائے تو متاثرہ شخص کا خون نہیں رکتا۔ یہ ایک نہایت خطرناک مرض ہے جو زیادہ تر لڑکوں اور مردوں کو لاحق ہے۔ لڑکیاں اور عورتیں اس مرض میں کم ہی مبتلا ہوتی ہیں۔ برطانیہ کی ملکہ برطانیہ بھی ہیموفیلیا کے مرض کا شکار رہی ہیں اس لیے اس مرض کو برطانیہ میں شاہی بیماری (ROYAL DISEASE) قرار دیا گیا ہے۔

وہاں کے ہسپتالوں میں ہیموفیلیا میں مبتلا مریضوں کا علاج ترجیحی بنیادوں پر کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں ہزار میں سے ایک بچہ اس مرض میں مبتلا پایا جاتا ہے۔ سیالکوٹ جانے کی بات میں نے اس لیے کی ہے کہ شہر اقبال میں دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کے نام سے ایک ادارہ پچھلے کئی برسوں سے ہیموفیلیا کے مریضوں کے مفت علاج کے لیے سرگرم عمل ہے۔ کم وسائل کے باوجود یہ آرگنائزیشن لاتعداد مریضوں کا مسلسل علاج کرانے میں مصروف ہے۔ جن مریضوں کو ان کے گھر والے بھی نہیں سنبھال پاتے، انھیں یہ آرگنائزیشن سنبھالتی ہے۔ شہر کے کچھ مخیر خواتین و حضرات اس کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔ خود بھی عطیات دیتے ہیں اور دوسروں کو بھی عطیات دینے کی ترغیب دیتے ہیں۔ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے کچھ ارکان اس آرگنائزیشن کی سرپرستی کرتے ہیں۔ ان میں اعجاز غوری کا نام سرفہرست ہے۔ میرے شاعر دوست محمد ایوب صابر اس کے چیف پیٹرن ہیں۔

ابھی چند روز پہلے تک آپ کی طرح مجھے بھی اس مرض اور آرگنائزیشن کے بارے میں کچھ بھی معلوم نہیں تھا۔ وہ تو بھلا ہو میرے دوست اور آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین برادرم ایم اے علی کا جنھوں نے مجھے انٹرنیشنل ہیموفیلیا ڈے کے سلسلے میں دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی۔ گہرے سمندر کی طرح چپ چاپ رہنے والی محترمہ راحیلہ اشرف کی اس آرگنائزیشن کے لیے بہت خدمات ہیں۔ اس تقریب کے اہتمام اور مجھے مدعو کرنے میں انھوں نے ذاتی دلچسپی لی تھی۔ وہ ایک حساس ادیبہ ہیں۔ مجھے اندازہ تھا کہ وہ فقط دکھاوے کے لیے کوئی کام کر ہی نہیں سکتیں۔ چنانچہ میں اپنے دوست حبیب پاشا المعروف ہامون جادوگر اور ان کے اداکار بیٹے جمال پاشا کو لے کر سیالکوٹ پہنچ گیا۔ پاشا صاحب اور ان کے بیٹے نے ہیموفیلیا میں مبتلا بچوں کے سامنے ڈراما ''عینک والا جن'' کے کچھ واقعات کو ڈرامائی انداز میں پیش کیا تو روتے بسورتے چہروں پر کچھ دیر کے لیے مسکراہٹ آ گئی۔ یہاں ہیموفیلیا کے مرض اور مریضوں سے متعلق ایک مختصر سی دستاویزی فلم دکھائی گئی جس نے وہاں موجود ہر آنکھ کو نم کر دیا تھا۔ اس دردناک فلم کے مناظر دیکھ کر وہاں موجود لوگوں نے چند ہی منٹ میں لاکھوں روپے کے عطیات جمع کر کے منتظمین کی جھولی میں ڈال دیے۔

دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی کارکردگی کو دیکھ کر مجھے اپنا یہ شعر یاد آ تا رہا اور میں نے وہاں اپنی تقریر میں سنایا بھی:

رات کو رات یہ رہنے نہیں دیتا ناصر
کون کہتا ہے یہ ننھا سا دیا کچھ بھی نہیں

یہ تحریر پڑھنے والوں سے میری درخواست ہو گی کہ وہ خواہ کہیں بھی رہتے ہوں، دیا ویلفیئر آرگنائزیشن سے رابطے میں رہیں۔ ہیموفیلیا کے مریضوں کی مدد کریں۔ اپنے اپنے شہروں میں اس مرض میں مبتلا مریضوں تک پہنچیں۔ ان کی دیکھ بھال کریں۔ سیالکوٹ کی یہ آرگنائزیشن ملک بھر کے ہیموفیلیائی مریضوں کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہے۔ ان کا کچھ بوجھ آپ بھی اٹھا سکتے ہیں۔

ان نامساعد حالات کے باوجود بھی ہمارے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر اپنے دوست ممالک کے تعاون سے پرامید ہیں اور یقیناً اگر وائٹ ہاس کا چکر لگا تو وہ اس مقصد کے لئے ہوگا کہ ٹرمپ اور ان کے ہمنواں سے بہتر گفتگو کی درخواست کی جاسکے کہ جہاں تک ایران کا تعلق ہے تو ادھر سے بار بار یہ یقین دلایا جا رہا ہے کہ ان کی ایٹمی صلاحیت بم بنانے کے لئے نہیں۔ توانائی کی ضروریات کے لئے ہے اور ایران یورینیم کی افزودگی کم از کم شرح پر کرنے کے لئے آمادہ ہے۔ اب ایک معقول بات بھی کرلیں کہ اگر ایران کے پاس موجود افزودہ یورینیم امریکہ یا کسی اور ملک کے حوالے کر دیا جائے تو اس کی کیا ضمانت کہ وہ ملک یہ خود استعمال نہیں کرے گا اور ٹرمپ پر تو اعتماد کیا ہی نہیں جاسکتا۔

اس سب کے باوجود حالات کا تقاضا یہ ہے کہ نہ صرف مذاکرات کا دوسرا دور ہو گا بلکہ اس بار معاہدہ بھی ہوگا اور ایران بھی دنیا کے دوسرے ممالک کی طرف اپنی خود مختارانہ حیثیت سے کاروبار بھی کر سکے گا اور اس پر سے پابندیاں ہٹالی جائیں گی۔ معاہدہ اعتماد کی نشانی ہو گا کہ ایران کی یہ پیش کش بھی ہے کہ وہ عالمی ایٹمی اتھارٹی کی نگرانی قبول کرلے گا بلکہ اس کی طرف سے تو یہ بھی کہا جا چکا کہ معاہدہ خود صدر ٹرمپ نے توڑا۔ ایران نے ایسی کوئی کوشش نہیں کی، بہرحال اتنے بڑے تنازعات میں ایسے موڑ تو آتے ہی ہیں، مجھے یقین ہے کہ اب ہوش آئے گا اور معاہدہ ہو جائے گا کہ دنیا کو امن کی ضرورت ہے اور اللہ کی رحمت سے پاکستان سرخرو ہو گا۔

بات یہیں تک کر کے آج مکمل کرتے ہیں کہ میری اور میرے جیسے لاکھوں حضرات کی دلی خواہش اور دعا ہے کہ دنیا میں امن قائم ہو اور یہ تو دیرینہ خواہش ہے کہ ملک کے اندر بھی اتحاد و استحکام ہوتا کہ معیشت بھی مستحکم ہو اور ہم جیسے سفید پوش بھی بہتر زندگی گزار سکیں۔ میری پھر درخواست ہے کہ اب وزیراعظم اپنی طرف سے وزیر دفاع محسن نقوی کو یہ ذمہ داری سونپ دیں کہ وہ ملکی راہنماں کی خدمت میں جا کر ان سب کو ایک میز پر لانے کی کوشش کریں کہ ان کو اب کافی تجربہ ہو چکا اور ہائبرڈ نظام کی حمائت بھی حاصل ہے۔

،ان دو رہنماں کے ضمنی مقاصد کیا ہیں، ہمیں علم نہیں ہے لیکن ہم یہ ضرور جانتے ہیں کہ ہر ریاست حساس موضوعات پر خود بولنے کی بجائے انہیں اپنے میڈیا سے پھیلاتی ہے۔ اسرائیلی اخبار ہارٹز (Haaretz) کو حزب اختلاف کی آواز سمجھ لیجئے لیکن ٹائمز آف اسرائیل، یروشلم پوسٹ اور دیگر کثیر الاشاعت اخبار صرف سرکاری بولی بولتے ہیں۔

آج کہ جب پاکستانی قیادت اور امریکی صدر مسلسل رابطے میں ہیں، تو کیا صدر ٹرمپ نے از خود یا نیتن یاہو کے کہنے پر سلگتے پاکستانی مسائل پر ہماری قیادت سے بات نہیں کی ہوگی؟ مضبوط دلائل موجود ہیں۔۔

گرین لائن ٹرین کے مزے

محمد معاذ قریشی

ریل کا سفر محض ایک سفر نہیں ایک رومانس بھی ہے۔ انگریزوں کے زمانے میں برصغیر میں ریل کا ٹریک توسیع پسندانہ اقدامات کے تحت اس خطے پر اپنا قبضہ برقرار رکھنے اور بڑھانے کے لئے بچھایا گیا تھا، لیکن جلد ہی یہ پر سہولت سفر لوگوں کو پسند آ گیا اور وہ اس کے گرویدہ ہوتے چلے گئے۔ اس میں چونکہ ایک یا دو انجنوں کے ذریعے درجنوں ڈبوں پر مبنی ایک لمبی ٹرین کو کھینچا جاتا ہے، اس لئے خاصی بڑی تعداد میں افراد اور ان کے ضروری سامان کو ایک سے دوسری جگہ منتقل کرنا ممکن ہوتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ سفر اور بار برداری کا ایک کم خرچ بالا نشین ذریعہ تھا۔ برصغیر میں ایک وقت ایسا بھی آیا کہ ریل گاڑی ہی سفر کا سب سے بڑا ذریعہ تھی۔ جہاں جہاں ٹرین کا ٹریک بچھا ہوا ہے، وہاں لوگ ایک علاقے سے دوسرے علاقے تک جانے کے لئے ریل گاڑی کا استعمال کرتے تھے۔ وہاں سے آگے جانے کے لئے سفر کے دوسرے ذرائع استعمال کیے جاتے۔

ہندوستان کی تقسیم ہوئی اور پاکستان و بھارت وجود میں آئے تو دونوں ملکوں کو حصے میں ریلوے کا ایک اچھا خاصا بڑا اور وسیع نظام ملا تھا۔ بہت سے دوسرے اداروں کی طرح ہم نے ریلوے کو بھی بری طرح نظر انداز اور پامال کیا، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج اس کی پٹڑیاں شکستہ ہو چکی ہیں اور ریلوے کے ڈبے ویسے صاف نظر نہیں آتے جیسے ماضی میں نظر آتے تھے۔ سروس بھی چند دہائیاں پہلے جیسی نہیں رہی۔ پاکستان میں جب گرین لائن ٹرین چلائی گئی تھی تو دعوی کیا گیا تھا کہ اس میں مسافروں کو بلا معاوضہ ناشتہ اور کھانا فراہم کیا جائے گا، یعنی ان لوازمات کے پیسے ٹکٹ میں شامل ہوں گے، منرل واٹر بھی ہو گا، جبکہ فری انٹرنیٹ بھی فراہم کیا جائے گا۔ گویا ٹرین کا سفر اگر ایک افسانوی تجربہ ہوتا ہے تو اس تجربے کو نئے افسانوی رنگ دیے جانے والے تھے تا کہ اس میں سفر کرنے والے اپنے لیپ ٹاپ استعمال کرتے ہوئے جائیں اور اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ پوری طرح رابطے میں بھی رہیں۔ مسافروں کی انٹرٹیمنٹ کا خیال بھی رکھا جانے والا تھا۔ ہر کیبن میں ٹی وی موجود ہونا تھا، جس پر مسافر پسندیدہ ڈرامے یا فلمیں دیکھ سکیں اور انہیں سفر کی تھکن کا احساس نہ ہو، حتی کہ تازہ اخبارات کی فراہمی کا بھی خیال رکھنے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ یہ بھی کہا گیا کہ کیبن میں مسافروں کو معیاری بیڈنگ فراہم ہو گی اور جس شہر سے بھی ٹرین گزرے گی اس کا درجہ حرارت بھی آپ کو کیبن میں بیٹھے بیٹھے ہی معلوم ہو جایا کرے گا۔ یہ ساری سہولتیں مسافروں کو ضرور مل رہی ہوں گی، لیکن گرین لائن ٹرین کی حالت ویسی نہیں تھی جیسے دعوے کئے جاتے رہے۔

ایران جنگ کے اثرات: دیگر اشیا کے ساتھ کنڈومز بھی مہنگے ہونے لگے

زشتہ دنوں ایک ضروری کام کے سلسلے میں کراچی جانا ہوا تو سوچا کہ اس بار ٹرین سے چلتے ہیں۔ مجھے کراچی جانا ہو تو عام طور پر ہوائی جہاز کا سفر کرتا ہوں۔ یہ سفر مہنگا تو ہوتا ہے، لیکن جلدی ختم ہو جاتا ہے۔ چند گھنٹوں میں آپ لاہور سے کراچی پہنچ جاتے ہیں۔ اس بار ٹرین کے ذریعے کراچی جانے کا فیصلہ اس لئے کیا کہ مجھے ٹرین کا سفر کیے بیس پچیس سال ہو چکے ہیں۔ آخری بار چند دوستوں کے ساتھ لاہور سے کراچی تک ٹرین کا سفر کیا تھا۔ کچھ فرصت تھی اور کچھ پرانا ریل گاڑی کے سفر کا رومانس جاگ رہا تھا۔ یہی دو وجوہات تھیں، جن کی بنا پر میں نے ٹرین کے ذریعے لاہور سے کراچی جانے کا انتخاب کیا، لیکن یہ جان کر دل کو بہت دکھ ہوا کہ یہ ریلوے پہلے والی ریلوے نہیں رہی۔ بزنس کلاس کا یہ حال تھا کہ گندے واش روم، گندے فرش۔ ٹرین کے ایک کیبن میں چھ لوگوں کے بیٹھنے کی جگہ بنائی گئی ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ چھ بندے آسانی سے بیٹھ نہیں سکتے۔ اگر برتھ کھول لی جائے تو نیچے بیٹھے ہوئے افراد کے سر اوپر ٹکرانے لگتے ہیں۔ اتنی تنگ جگہ ہے کہ لگتا ہے ٹرین کا کیبن نہیں کوئی قید خانہ ہے۔ یہ حالت ہے پاکستان کی نمبرون ٹرین کی۔ پاکستان ریلوے کے ساتھ بھی وہی معاملہ ہے جو پی آئی اے اور دوسرے بڑے ریاستی اداروں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ ایک زمانہ تھا جب پورے ملک میں ریلوے کے نظام کو چلانے کے لئے لاہور ہیڈ کوارٹر میں ایک وائس چیئرمین ہوا کرتا تھا۔ پھر ایک کے بعد ایک اس کے ڈویژن بنائے گئے اور ہر ڈویژن کا اختیار ایک بڑے اعلی افسر کو دے دیا گیا۔ ہوتے ہوتے ریلوے کے 7 ڈویژن ہو گئے یعنی کراچی، سکھر، کوئٹہ، ملتان، لاہور، راولپنڈی اور پشاور ڈویژن۔ اب شاید اس سے بھی زیادہ یعنی 9 ڈویژن ہو چکے ہیں۔ ان ڈویژنوں کے لئے افسر بھرتی کیئے گئے اور ان کے تحت کام کرنے کے لئے ملازموں کی ایک اور فوج۔ آمدن وہی رہی، لیکن کھانے والے زیادہ ہو گئے۔ ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق پہلے ملک بھر میں 350 مسافر ٹرینیں چلتی تھیں اور 30 سے 40 گڈز فریٹ ٹرینیں چلا کرتی تھیں۔ صرف کراچی سے 15 سے 18 گڈز ٹرینیں چلتی تھیں، جن میں سے ہر ایک کے ساتھ 65 سے 72 یا 75 تک مال گاڑی کے ڈبے لگتے تھے۔ ریلوے کی آمدنی کا زیادہ تر انحصار مال گاڑیوں کی آمدن پر تھا۔ پھر ایسے انتظامات کئے کہ ریلوے کے گڈز ٹرانسپورٹ نظام کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ بیرونی ممالک سے بحری جہازوں کے ذریعے آنے والے گڈز فریٹ کو بتدریج پرائیویٹ ٹرانسپورٹر کے حوالے کر دیا گیا اور ریلوے کا سستا گڈز ٹرانسپورٹ نظام بیٹھتا چلا گیا۔ ہر حکومت اور ہر افسر نے ریلوے کے ساتھ سوتیلوں جیسا سلوک کیا اور اس طرح ریلوے کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا۔ پہلے ان کو تباہ کیا گیا اور آج اس کو نجکاروں کے حوالے کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب پڑوس میں دیکھتے ہیں تو اس نے اسی ریلوے کو دنیا کی بہترین ریلوے میں تبدیل کر دیا ہے۔

یہ سب کچھ کہنے کا مطلب مقصد یہ عرض کرنا ہے کہ ہمارے ملک میں اپنی بوٹی کی خاطر عوام کی پوری گائے ذبح کرنے کا جو ایک چلن ہے اس کو ختم ہونا چاہئے، قومی اداروں میں جاری لوٹ مار کا خاتمہ ہونا چاہئے۔ قومی اہمیت کے اداروں میں صرف اتنی بھرتی ہونی چاہئے جتنی ضرورت ہے اور یہ نظام لانے کے لئے جو بھی اقدامات کرنا پڑیں وہ ہونا چاہئیں۔ اس حوالے سے اگر بے روزگاری بڑھتی ہے تو اس کے لئے روزگار کے دوسرے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں، لیکن ریلوے جیسے عوامی سہولت کے اداروں کی یہ حالت دیکھی نہیں جاتی، جس حالت تک ان اداروں کے ارباب بست و کشاد نے ان کو پہنچا دیا ہے۔ میں متعلقہ حکام سے صرف گزارش ہی کر سکتا ہوں کہ برائے مہربانی ریلوے کی طرف کچھ توجہ دی جائے۔ دنیا کہاں سے کہاں پہنچ چکی ہے۔

کہ اس مذاکراتی عمل میں اسرائیل کے ایما پر صدر امریکہ نے پاکستانی قیادت سے بانی تحریک انصاف کی رہائی کے لیے لامحالہ کہا ہوگا۔ عمران خان کی دلآ ویز تصویر کے ساتھ یروشلم پوسٹ 16 اپریل میں معروف یہودی مبصر حینزکا لوونز کا چھپتا چلاتا مضمون خود پڑھ لیجئے۔

بقیہ 1

قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیلئے ایک مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ یہ صوبہ زراعت، ماہی پروری، لائیو سٹاک، ہائیر ایجوکیشن اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس میں سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقع فراہم کرتا ہے۔ جیسے ہی یہ مختلف شعبے وسعت پا رہے ہیں وہ سرمایہ کاری، جدت اور ترقی کیلئے ایک متحرک منظرنامہ تخلیق کرتے ہیں لہٰذا ہم دنیا بھر کے سرمایہ کاروں کو ان دستیاب مواقعوں سے استفادہ کرنے اور نئے امکانات تلاش کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ آپ کی سرمایہ کاری سے نہ صرف سرمایہ میں اضافہ ہوگا بلکہ مقامی سطح پر بھی معیشت کو تقویت ملے گی، نوجوانوں کو روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور اس کے عوام کیلئے معیار زندگی بہتر بنانے کا باعث بنے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے صوبہ ہنان کے دورے کے موقع پر منعقدہ تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چین کی جانب سے ممبر آف اسٹڈنگ کمیٹی کمیونسٹ پارٹی آف چائنا اور صوبہ ہنان کے ایگزیکٹو وائس گورنر (Zhang Min)، صوبہ ہنان کے خارجہ امور کے ڈائریکٹر جنرل (Liang Jieyi)، صوبہ ہنان کے جیولوجیکل بیورو کے ڈائریکٹر جنرل (Shi Yingjun) صوبہ ہنان کے ڈیولپمنٹ اینڈ اصلاحاتی کمیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر (Wan Zhanwei) صوبہ ہنان کے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر (Yang Guang)، صوبہ ہنان کے کامرس ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر (Song Yuzhe) موجود تھے۔ پہلے متعلقہ حکام نے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کو صوبہ ہنان کے بڑھتے ہوئے قابل تجدید توانائی کے شعبے، جدید ٹیکنالوجی اور تعاون کے ممکنہ شعبوں سے متعلق بریفنگ دی۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے ہائیر ایجوکیشن کی ترقی اور خاص طور پر پیشہ ورانہ تربیتی شراکت داری میں پیش رفت پر زور دیا۔ چین نے دنیا میں تیزی سے تعمیر و ترقی کا سفر طے کرنے کی ایک قابل تقلید مثال قائم کی ہے، سولر انرجی، جدید زرعی ٹیکنالوجیز اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس میں ہم چین کے علم و تجربے سے مدد اور رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ قبل ازیں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن بایزید خان کاسی نے بھی تقریب کے شرکا سے خطاب کیا۔

بقیہ 2

دکانوں، گھروں اور گاڑیوں کو پہنچنے والے نقصانات کا تفصیلی جائزہ لے گی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری نوٹیفیکیشن کے مطابق کمیٹی میں مختلف متعلقہ محکموں کے افسران کو شامل کیا گیا ہے تاکہ نقصانات کا شفاف اور جامع انداز میں تخمینہ لگایا جا سکے۔ کمیٹی کے چیئرمین اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ ہوں گے جبکہ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سی ڈی کوئٹہ، ایکسین بلڈنگ (سٹی) محکمہ مواصلات و تعمیرات، چیف میٹروپولیٹن آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اور محکمہ زرعی انجینئرنگ کے ایگزیکٹو انجینئر کو کمیٹی کے ارکان مقرر کیا گیا ہے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کمیٹی جائے وقوعہ کا تفصیلی معائنہ کرے گی اور دھماکے کے باعث متاثر ہونے والی گاڑیوں، تجارتی مراکز، رہائشی عمارتوں اور دیگر املاک کے نقصانات کا تخمینہ لگا کر فوری طور پر جامع رپورٹ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو پیش کرے گی تاکہ آئندہ کے لائحہ عمل اور ممکنہ امدادی و معاوضہ اقدامات پر فیصلہ کیا جا سکے۔ یو این اے کے مطابق چمن پھاٹک کے قریب ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں متعدد گاڑیاں تباہ جبکہ قریبی عمارتوں، دکانوں اور دیگر املاک کو بھی شدید نقصان پہنچا تھا۔ دھماکے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تھا جبکہ سیکیورٹی اداروں اور امدادی ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے علاقے کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق نقصانات کے درست تخمینے کیلئے مختلف محکموں کے تکنیکی ماہرین کو شامل کیا گیا ہے تاکہ متاثرین کو درپیش مالی نقصانات کی مکمل تفصیلات مرتب کی جا سکیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی اپنی رپورٹ میں متاثرہ افراد، تباہ شدہ گاڑیوں، عمارتوں اور دیگر نقصانات کی الگ الگ تفصیلات بھی شامل کرے گی۔ حکام کے مطابق رپورٹ موصول ہونے کے بعد متاثرین کیلئے ممکنہ امدادی پیکیج اور دیگر حکومتی اقدامات پر بھی غور کیا جائے گا۔ دوسری جانب متاثرہ علاقے کے مکینوں اور تاجروں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نقصانات کے ازالے کیلئے فوری مالی امداد فراہم کی جائے تاکہ متاثرہ افراد اپنی معمول کی زندگی دوبارہ بحال کر سکیں۔

بقیہ 3

اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، جس کے باعث شہریوں میں خوف، بے چینی اور تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ شہر کے مرکزی کاروباری اور رہائشی علاقوں میں نشے کے عادی افراد دن دہاڑے سڑکوں، فٹ پاتھوں اور بازاروں کے قریب بیٹھ کر منشیات استعمال کرتے نظر آتے ہیں جبکہ متعلقہ اداروں کی خاموشی پر شہری سوالات اٹھانے لگے ہیں۔ شہریوں کے مطابق کوئٹہ کے مصروف ترین جناح روڈ پر منشیات کے عادی افراد کھلے عام نشہ کرتے دکھائی دیتے ہیں، جس سے نہ صرف شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ خواتین، بچوں اور خاندانوں کیلئے بھی ماحول غیر محفوظ بنتا جا رہا ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اہم شاہراہ پر اس طرح کے مناظر انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں عوامی شکایات کے مطابق فاطمہ جناح روڈ، مسجد روڈ، زرغون روڈ، جوائن روڈ، ڈبل روڈ، کمرانی روڈ، بروری روڈ اور دیگر مختلف علاقوں میں بھی نشے کے عادی افراد دن اور رات کے اوقات میں سرعام منشیات استعمال کرتے نظر آتے ہیں۔ بعض مقامات پر یہ افراد فٹ پاتھوں اور دکانوں کے سامنے بیٹھ جاتے ہیں جس کے باعث راہگیروں اور تاجروں کو شدید مشکلات پیش آتی ہیں۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ منشیات کے عادی افراد کی موجودگی سے کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں جبکہ خریدار خصوصاً خواتین ان علاقوں میں آنے سے گریز کرنے لگی ہیں۔ کئی دکانداروں نے شکایت کی کہ نشے کے عادی افراد بعض اوقات راہگیروں کو ہراساں بھی کرتے ہیں جس سے خوف و ہراس کی صورتحال پیدا ہو جاتی ہے شہریوں اور سماجی حلقوں نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں منشیات کا بڑھتا رجحان معاشرے کیلئے خطرناک بنتا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق نوجوان نسل تیزی سے نشے کی لت کا شکار ہو رہی ہے جبکہ بحالی مراکز اور مؤثر حکومتی اقدامات کی کمی صورتحال کو مزید سنگین بنا رہی ہے ذرائع کے مطابق بعض علاقوں میں منشیات فروش عناصر بھی متحرک ہیں جو مختلف اقسام کی منشیات آسانی سے فراہم کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر بروقت کارروائی نہ کی گئی تو یہ مسئلہ مزید خطرناک شکل اختیار کر سکتا ہے۔ سماجی کارکنوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر میں خصوصی کریک ڈاؤن کیا جائے، منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور نشے کے عادی افراد کی بحالی کیلئے مؤثر مراکز قائم کیے جائیں تاکہ نوجوان نسل کو تباہی سے بچایا جا سکے دوسری جانب شہریوں نے یہ بھی مطالبہ کیا ہے کہ اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات پر پولیس گشت بڑھایا جائے تاکہ سرعام منشیات کے استعمال کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو کوئٹہ میں منشیات کا مسئلہ مزید سنگین ہو سکتا ہے جس کے اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہوں گے۔

بقیہ 4

جاری کر دی گئی ہیں تاکہ کسی بھی تخریبی کارروائی کو بروقت ناکام بنایا جا سکے ذرائع نے یو این اے کو بتایا ہے کہ کوئٹہ دھماکے کے تناظر میں تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ حساس مقامات میں ریڈ زون، پولیس لائن، اسپیشل برانچ آفس، بلوچستان ہائی کورٹ، سیشن کورٹ، ضلع کچہری، سرکاری عمارات، اہم دفاتر اور دیگر حساس تنصیبات شامل ہیں جہاں سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کئے جا رہے ہیں پولیس حکام کے مطابق کوئٹہ شہر اور صوبے کے دیگر اضلاع میں قائم مساجد، امام بارگاہوں، عیدگاہوں، مزارات اور دیگر مذہبی مقامات کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ عید اجتماعات اور حساس مذہبی مقامات پر اضافی پولیس اور ایف سی اہلکار تعینات کئے جائیں گے جبکہ خصوصی تربیت یافتہ کمانڈوز بھی مختلف مقامات پر گشت اور نگرانی کے فرائض سرانجام دیں گے ذرائع کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر صوبے بھر میں پولیس ملازمین کی ہر قسم کی چھٹی پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ آئی جی بلوچستان کی جانب سے جاری احکامات میں کہا گیا ہے کہ جو اہلکار پہلے سے چھٹیوں پر گئے ہوئے ہیں ان کی رخصتیں بھی فوری طور پر منسوخ کر دی گئی ہیں اور تمام اہلکاروں کو اپنے اپنے اضلاع، تھانوں اور متعلقہ ڈیوٹی پوائنٹس پر فوری رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے آئی جی آفس کے ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ عیدالاضحیٰ کے دوران امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے، حساس مقامات کو محفوظ بنانے اور کسی بھی ممکنہ دہشت گردی یا تخریبی کارروائی سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے کیا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں تمام ڈی پی اوز، ایس پیز اور سینئر افسران کو عید کے ایام میں اپنی حدود میں موجود رہنے اور سیکیورٹی پلان کی خود نگرانی کرنے کی ہدایت دی گئی ہے ذرائع کے مطابق بلوچستان پولیس، اسپیشل برانچ، سی ٹی ڈی، فارنزک برانچ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے جبکہ مختلف اضلاع میں انٹیلیجنس شیئرنگ کے عمل کو بھی مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کو خصوصی طور پر حساس علاقوں میں نگرانی بڑھانے اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنے کا ٹاسک دیا گیا ہے پولیس حکام کے مطابق عید کے موقع پر مساجد، عیدگاہوں، مویشی منڈیوں، ریلوے اسٹیشنز، بازاروں، اہم شاہراہوں، داخلی و خارجی راستوں اور دیگر عوامی مقامات پر اضافی نفری تعینات کی جائے گی۔ مختلف اضلاع میں سرچ آپریشنز، اسنیپ چیکنگ، ناکہ بندی اور موبائل گشت میں بھی نمایاں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ کسی بھی مشتبہ شخص یا گاڑی کی فوری جانچ پڑتال کی جا سکے ذرائع کا کہنا ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں حساس تنصیبات کے اطراف سیکیورٹی حصار مزید سخت کیا جا رہا ہے جبکہ ریلوے اسٹیشنز اور ٹرین سروس کی نگرانی کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جا رہی ہیں۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ اور اسنافر ڈاگز کی خدمات بھی اہم مقامات پر حاصل کی جائیں گی۔ دوسری جانب پولیس اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ ہونے کے بعد عید اپنے اہل خانہ کے ساتھ گزارنے کی تیاری کرنے والے متعدد اہلکاروں کو واپس ڈیوٹی پر طلب کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مختلف اضلاع سے اہلکاروں کی واپسی کا عمل شروع ہو چکا ہے تاکہ عید کے موقع پر سیکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے پولیس حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ عید کے دنوں میں کسی بھی مشکوک سرگرمی، لاوارث سامان یا غیر معمولی صورتحال کی فوری اطلاع قریبی تھانے یا پولیس ہیلپ لائن کو دیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ عوام کے تعاون کے بغیر امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنا ممکن نہیں اور شہریوں کی بروقت اطلاع کسی بھی ممکنہ خطرے کو ٹالنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے جبکہ آئی جی بلوچستان کی جانب سے تمام ایس ایچ اوز ڈی ایس پی کو ادائی جاری کی ہے کہ وہ اپنے علاقے میں موجود رہیں اور متعلقہ تھانہ اپنے علاقوں میں سنیپ چیکنگ اور ناکے لگا کر عوام کو پرامن ماحول فراہم کریں اور کسی بھی ایس ایچ او کے علاقے میں اگر کوئی بھی واقعہ پیش آتا ہے تو اسے معطل کر دیا جائے گا۔

بقیہ 5

کرنے پر اتفاق اور سی پیک کے اگلے مرحلے پر عملدرآمد کے لیے اپنی توقعات اور عزم کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پیر کو بیجنگ میں عوامی جمہوریہ چین کے وزیر اعظم لی چیانگ سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق یہ ملاقات پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے پس منظر میں منعقد ہوئی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے وزیر اعظم لی چیانگ کی جانب سے پرتپاک استقبال پر ان کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان۔چین دیرینہ سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان آہنی دوستی باہمی اعتماد، سٹریٹجک تعاون، امن، ترقی اور خوشحالی کے مشترکہ عزم پر مبنی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے بنیادی قومی مفادات سے متعلق تمام امور پر مکمل حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نے پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں انقلابی کردار ادا کیا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے سی پیک کے اگلے مرحلے پر عملدرآمد کے لیے اپنی توقعات اور عزم کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان۔چین تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور سیاسی، اقتصادی، سٹریٹجک، سیکیورٹی اور عوامی روابط کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کی مسلسل ترقی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے زور دیا کہ سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ کے اہم موقع کو پاکستان اور چین کے درمیان تاریخی خیر سگالی کے عملی، عوام دوست اور مستقبل پر مبنی نتائج میں تبدیل کرنے کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے دوطرفہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سطح کے تبادلوں اور قریبی رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے سی پیک اور اس کے آئندہ مرحلے کی اعلیٰ معیار کی ترقی کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا جس میں صنعتکاری، دوطرفہ روابط، زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل تبدیلی، صاف توانائی اور سماجی و اقتصادی ترقی پر خصوصی توجہ مرکوز ہوگی۔ وزیر اعظم نے چین کے 15ویں پانچ سالہ منصوبے اور پاکستان کے ترقیاتی فریم ورک ''اڑان پاکستان'' کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا تاکہ پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات کو تیز کیا جا سکے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ وزیر اعظم نے پاکستان کی قومی ترقی اور اقتصادی استحکام کے لیے چین کی مستقل حمایت کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان میں چینی شہریوں، اداروں اور منصوبوں کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم نے خلائی تحقیق، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجیز سمیت ابھرتے ہوئے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ چین کے خلائی اسٹیشن پروگرام کے لیے پاکستانی خلابازوں کا انتخاب نئے اور سٹریٹجک شعبوں میں پاکستان۔چین تعاون کی بڑھتی ہوئی گہرائی کا مظہر ہے۔ فریقین نے قریبی رابطہ کاری برقرار رکھنے، طے شدہ منصوبوں پر عملدرآمد تیز کرنے اور پاکستان۔چین شراکت داری کو عملی، نتیجہ خیز اور اعلیٰ معیار کے تعاون کے نئے مرحلے میں داخل کرنے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال، وزیر قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین، وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر ریلوے حنیف عباسی، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی بھی موجود تھے۔

بقیہ 6

نے مزید کہا کہ پاکستان ایٹمی قوت ہے، 10 گنا بڑے دشمن کو سبق سکھانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پنجاب کے شہر فیصل آباد میں کبڈی ٹورنامنٹ کی تقریب میں اے آر وائی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ کبڈی کا کھیل پنجاب کا مقبول کھیل ہے، قومی کبڈی ٹیم میں اکثریت اس حلقہ سے کھلاڑیوں کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی طرف سے اس علاقہ میں کبڈی سٹیڈیم کا قیام حلقہ کے عوام کیلئے تحفہ ہے، حلقہ کے ہر دیہات میں کھیل کا میدان بنائیں گے تاکہ نوجوانوں کو کھیلوں کی طرف راغب کر سکیں۔ مشیر وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ صحت مند معاشرے کیلئے نوجوان نسل کا کھیلوں کے میدانوں میں آنا ضروری ہے، پاکستان کی سیاسی قیادت اور عسکری قیادت پوری دنیا کو امن دینے کے لئے کوشاں ہیں۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ پاکستان کو وہ مقام ملا پوری دنیا امن کیلئے اس خطے کی طرف دیکھ رہی ہے، آج پاکستان کے قیام کے مقاصد پورے ہو رہے ہیں، پوری مسلمان امہ پہلی بار پاکستان پر متفق ہو رہی ہے، ہمیں فخر کرنا چاہیے معرکہ حق نے اہم مقام دلایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایٹمی قوت بھی ہے اور دس گنا بڑے دشمن کو سبق سکھانے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس ملک میں غربت اور مہنگائی دور ہو گی، بہتر علاج اور روزگار ملے گا، اب تو ہمارے لوگ روزگار کیلئے باہر جا رہے، وہ دن آئے گا دنیا بھر سے لوگ پاکستان آئیں گے۔ مشیر وزیر اعظم نے کہا کہ کوئی ایسی ترمیم زیر غور نہیں جس میں نوجوان نسل سے ووٹ کا حق چھینا جا رہا ہے، مختلف ایشوز پر بحث و مباحثہ ہونے چاہیے اور اس کو نہیں روکنا چاہیے، اگر صلح ہو گئی تو پٹرول اور گیس وافر اور سستی ہو کر عوام کے وارے نیارے ہو جائیں گے۔ رانا ثنااللہ کا مزید کہنا تھا کہ آنے والے دنوں میں مہنگائی اور معاشی مسائل حل ہو جائیں گے، بجٹ میں عوام کیلئے اچھا ریلیف پیکج تیار ہو رہا ہے، عوام مثبت امید رکھیں۔

بقیہ 7

ہے۔ شہریوں کے مطابق عید کی خریداری، قربانی کی تیاریوں اور شدید گرمی کے موسم میں طویل لوڈشیڈنگ نے زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ متاثرہ علاقوں میں جوائن روڈ، ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی، سریاب روڈ، شرقی روڈ، زرغون روڈ، جان محمد روڈ، کنواری روڈ، کاسی روڈ، کرنی روڈ، بلوچی اسٹریٹ اور دیگر کئی علاقے شامل ہیں جہاں کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی بندش کے باعث پانی کی فراہمی بھی شدید متاثر ہو رہی ہے جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی ماند پڑ گئی ہیں۔ تاجروں کے مطابق عیدالاضحیٰ سے قبل بازاروں میں رش بڑھنے کے باوجود بجلی کی طویل بندش کے باعث کاروبار متاثر ہو رہا ہے اور دکاندار شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ خواتین کا کہنا ہے کہ عید کی تیاریوں، سلائی کڑھائی، کھانے پینے کی اشیا کی تیاری اور بچوں کی ضروریات پوری کرنے میں شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ دوسری جانب طلبا نے بھی شکایت کی ہے کہ بجلی نہ ہونے سے امتحانات کی تیاری متاثر ہو رہی ہے۔ شہری حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ کیسکو کی جانب سے نہ تو باقاعدہ شیڈول جاری کیا جا رہا ہے اور نہ ہی لوڈشیڈنگ کے دورانیے سے متعلق عوام کو آگاہ کیا جا رہا ہے، جس کے باعث لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ کئی علاقوں میں رات گئے بھی بجلی کی آنکھ مچولی جاری رہتی ہے شہریوں، سماجی تنظیموں اور تاجر برادری نے وفاقی حکومت اور کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر لوڈشیڈنگ میں فوری کمی کی جائے اور کم از کم شہری علاقوں میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام عید کی تیاری سکون کے ساتھ مکمل کر سکیں دوسری جانب کیسکو ذرائع کا کہنا ہے کہ بجلی کی طلب میں اضافے، تکنیکی مسائل اور بعض فیڈرز پر نقصانات کے باعث لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھایا گیا ہے، تاہم صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں یو این اے کے مطابق کوئٹہ میں عیدالاضحیٰ سے قبل بڑھتی ہوئی لوڈشیڈنگ نے جہاں عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے وہیں درزی برادری، چھریاں تیز کرنے والے کاریگر اور چھوٹے کاروباری طبقے بھی شدید متاثر ہونے لگے ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں روزانہ 9 سے 10 گھنٹے بجلی کی بندش کے باعث کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں درزیوں کا کہنا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر انہوں نے شہریوں سے کپڑوں کی بڑی تعداد میں بکنگ لے رکھی ہے، تاہم مسلسل لوڈشیڈنگ کے باعث سلائی کا کام بروقت مکمل کرنا انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جدید سلائی مشینیں بجلی کے بغیر نہیں چل سکتیں جبکہ بار بار بجلی جانے سے کام کا تسلسل بھی متاثر ہوتا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں قائم درزی شاپس مالکان نے بتایا کہ عید کے دن قریب آنے کے ساتھ گاہکوں کا دباؤ بڑھ رہا ہے لیکن بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے باعث دن بھر میں صرف چند گھنٹے ہی کام ہو پاتا ہے۔ بعض درزیوں نے کہا کہ انہیں رات گئے تک جنریٹرز پر کام کرنا پڑ رہا ہے جس سے اخراجات میں بھی اضافہ ہو گیا ہے اسی طرح قربانی کے جانوروں کیلئے چھریاں، کلہاڑیاں اور دیگر آلات تیز کرنے والے دکاندار بھی بجلی کی بندش سے شدید متاثر ہیں۔ کاریگروں کا کہنا ہے کہ بجلی نہ ہونے کے باعث گرائنڈنگ مشینیں بند رہتی ہیں جس سے کام رک جاتا ہے اور شہریوں کو بھی مشکلات پیش آ رہی ہیں چھریاں تیز کرنے والے ایک دکاندار نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ سے قبل ان کے پاس کام کا بہت زیادہ رش ہوتا ہے لیکن کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہنے کے باعث وہ گاہکوں کو بروقت سامان فراہم نہیں کر پا رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو عید کے قریب شدید رش اور بدنظمی پیدا ہونے کا خدشہ ہے تاجر تنظیموں اور شہری حلقوں نے حکومت اور کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے پیش نظر خصوصی ریلیف دیا جائے اور کم از کم کاروباری مراکز میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کیا جائے تاکہ کاروباری طبقہ اپنے معاملات بہتر انداز میں چلا سکے۔

بقیہ 8

اسکواڈ کو فوری طور پر جائے وقوعہ پر طلب کیا گیا، جس نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے 20 کلو وزنی بم کو بحفاظت ناکارہ بنا کر علاقے کو ایک بڑی تباہی اور جانی و مالی نقصان سے بچا لیا۔ سیکیورٹی فورسز نے بم برآمدگی کے بعد پورے علاقے کو گھیرے میں لے کر ممکنہ خطرات کے پیش نظر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 9

صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا جس میں بتایا گیا کہ پہلے نارمل ٹیکس رجیم تھا، پھر ایک فیصد سسٹم آیا اور اب دونوں لاگو ہیں۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا جس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ 9 ماہ کے دوران پاکستان کا تجارتی خسارہ 32 ارب 19 کروڑ ڈالر ہو چکا ہے۔ کمیٹی چیئرمین نے کہا کہ ایک وقت تھا جب کہتے تھے نیب اور پاکستان ساتھ نہیں چل سکتے، اب ایف بی آر اور پاکستان ساتھ نہیں چل سکتے۔ بریفنگ کے دوران کمیٹی کو بتایا گیا کہ فروری 2026 تک گیس اور پاور سیکٹر کا گردشی قرض 5.1 ٹریلین روپے ہو چکا ہے۔ اس موقع پر ماہر معیشت علی سلمان نے کہا کہ گیس شعبے کا گردشی قرض تقریباً دوگنا ہو چکا ہے۔ اجلاس کے دوران کمیٹی کو بتایا گیا کہ اب شرح سود 10.5 فیصد سے بڑھ کر 11.5 فیصد ہو چکی ہے، نوجوانوں میں بے روزگاری کی شرح 12.5 فیصد تک پہنچ گئی، ملک میں نوجوان خواتین میں بے روزگاری کی شرح 13 فیصد سے زائد ہو گئی ہے۔ بریفنگ کے دوران انکشاف کیا گیا کہ غربت کی شرح 2018 کے 22 فیصد سے بڑھ کر 30 فیصد ہو گئی ہے۔ ایس ڈی پی سی کے مطابق غربت کی شرح 43.5 فیصد تک پہنچ چکی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملک میں عدم مساوات کی شرح 33 اعشاریہ 5 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے۔ اجلاس کے دوران کمیٹی کو بتایا گیا کہ غیر قانونی تجارت اور جعلی مصنوعات معیشت کے لیے بڑا خطرہ ہیں، اسمگلنگ اور جعلی مارکیٹس ٹیکس نظام اور مقامی صنعتوں کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ اس دوران بتایا گیا کہ سیلاب، علاقائی کشیدگی اور زرعی اخراجات میں اضافے سے غذائی تحفظ کو خطرات لاحق ہیں۔ خوراک کی بڑھتی قیمتیں اور موسمی چیلنجز غذائی بحران کا سبب بن رہے ہیں۔

بقیہ 10

کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار پر مبنی خوشگوار اور دیرینہ تعلقات قائم ہیں اور دونوں ممالک وسیع تر علاقائی اور بین الاقوامی امور پر قریبی مفاہمت اور ہم آہنگی رکھتے ہیں۔ اردن کے یوم آزادی کے موقع پر پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری اپنے پیغام میں صدر مملکت نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پاکستان اور اردن کے درمیان برادرانہ تعلقات آنے والے سالوں میں مزید مضبوط ہوں گے۔ صدر آصف علی زرداری نے شاہ عبداللہ کے نومبر 2025 میں دورہ پاکستان کو دوطرفہ تعاون کو تحریک فراہم کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان دوستی کے رشتوں کو مزید پختہ کرنے میں ایک سنگ میل قرار دیا۔ صدر مملکت نے اردن کے عوام کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ 11

پولیس نے مقتول کی لاش کو ضروری کارروائی کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا ہے، جبکہ واقعے کی جگہ کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش اور واقعے کی وجہ جاننے کے لیے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 12

والوں کی شناخت محمد یوسف، پرویز، آصف، طاہر اور مسمات بی بی (س) کے ناموں سے ہوئی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی بیگ تھانے کی پولیس اور بھاری نفری نے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر صورتحال کو کنٹرول کیا اور لاشوں کو اسپتال منتقل کرنے کے ساتھ ساتھ موقع سے تمام ضروری شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ اس لرزہ خیز واقعے کا مقدمہ نامزد ملزمان کے خلاف باقاعدہ درج کر لیا گیا ہے اور مفرور ملزمان کی فوری گرفتاری کے لیے مختلف ممکنہ ٹھکانوں اور مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعے کی ہر پہلو سے باریک بینی کے ساتھ تفتیش جاری ہے تاکہ جلد از جلد ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔

بقیہ 13

مین خطرناک سٹیچرز ملزمان کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، سنیچر شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی جبکہ دوسری کارروائی میں چوری شدہ گاڑی اور ایکس آر موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان متعدد وارداتوں میں ملوث رہے ہیں اور اس سے قبل بھی کئی مقدمات میں چالان ہو چکے ہیں۔ کوئٹہ پولیس شہر میں امن وامان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کیلئے بھرپور کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 14

409 مسافروں کو لے کر پیر کی صبح 4 بجکر 53 بجے کراچی پہنچی۔ کراچی سے عراق ایئر کی پرواز آئی اے 410 بغداد کے لیے صبح 7 بج کر 14 منٹ روانہ ہوئی۔ اس روٹ کی آخری پرواز 28 فروری کو بغداد سے براہ راست کراچی پہنچی تھی جبکہ پرواز آئی اے 409 آخری بار 15 فروری کو کراچی آئی تھی۔ یہ پرواز 2 اور 3 مئی کو بھی شیڈول پر تھی مگر منسوخ کر دی گئی تھی۔ عراق ایئر بغداد سے بھی اسلام آباد کیلئے جلد پرواز آپریٹ کرے گی۔

بقیہ 15

ناک انجام تک پہنچانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ رکن بلوچستان اسمبلی مینا مجید بلوچ نے کہا کہ مسافروں، خواتین اور بچوں پر حملہ انسانیت پر حملہ ہے، عورتوں اور بچوں کا خون بہا کر بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے مکروہ عزائم بے نقاب ہو رہے ہیں۔ ممبر قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے کہا کہ نہتے مسافروں پر حملہ انسانیت اور بلوچ روایات پر حملہ ہے۔ اقلیتی سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں، نہتے شہریوں کا خون بہانے والوں کے لیے اس سرزمین پر کوئی جگہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی ہے اور میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں۔ رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی نے کہا کہ کوئٹہ دہشت گرد دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ حملے میں خواتین اور بچوں سمیت معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں کا نہ کوئی مذہب ہے اور نہ کوئی قومیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کے لیے ایسے گھناؤنے حملے کرتے ہیں۔ میر ظہور احمد بلیدی کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے غیور عوام دہشت گردی کے خلاف ڈٹ کر کھڑے ہیں۔

بقیہ 16

انتظامات پر سعودی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشاعر مقدسہ میں نت نئی سہولیات کے اقدامات خوش آئند ہیں، بسوں کے ڈراپ پوائنٹس پر تمام ممالک کے حجاج کیلئے مناسب جگہ فراہم کی جائے۔ سعودی وزیر حج وعمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ نے کہا کہ حرم ٹرانسپورٹ میں مزید اصلاحات لائی جا رہی ہیں جبکہ آئندہ سال حجاج کی تعداد کے مطابق ڈراپ پوائنٹس کی تقسیم کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ مزدلفہ میں ٹرین استعمال کرنے والے حجاج کیلئے ٹوائلٹس کی تعداد بڑھا دی گئی ہے جبکہ مکہ مکرمہ کی رہائشی عمارتوں کو مطلوبہ معیار کے مطابق بنانے کیلئے اصلاحات جاری ہیں، حج 2027 کے انتظامات ایام حج کے فوری بعد شروع کئے جائیں گے۔ سعودی وزیر حج و عمرہ نے پاکستان حج مشن کی محنت اور مستعدی کو سراہتے ہوئے بروقت معاہدات مکمل کرنے پر مبارکباد بھی پیش کی۔

بقیہ 17

استحکام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے پوری پاکستانی قوم دہشت گردی کو ختم کرنے کی کوششوں میں اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑی رہے گی۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ کوئٹہ میں چمن پھاٹک کے قریب ٹرین پر خودکش حملے میں قیمتی جانوں کے ضیاع کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے عناصر انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں تاہم پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن دشمن عناصر کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور دہشتگردوں کو انشاء اللہ ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ چوہدری نعیم کریم نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت دھماکے کے زخمیوں کو علاج معالجے کی بہتر سے بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) شہدا اور زخمیوں کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے اور مشکل کی اس گھڑی میں انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی، صوبائی حکومتیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دھماکے میں ملوث اصل دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائیں۔

بقیہ 18

مملکت نے 21 مئی 2026 کو متعدد اہم قانونی بلز اور سرکاری سمریوں کی منظوری دی، جن میں اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری پروہیبیشن آف پلاسٹک بیگ کورز بل 2026 بھی شامل ہے، سینیٹر شیری رحمان کے پیش کردہ اس بل کا مقصد ماحولیاتی تحفظ کو فروغ دینا ہے۔ صدر نے کوڈ آف کریمنل پروسیجر (ترمیمی) بل 2026 کی بھی منظوری دی، جب کہ گورنر سندھ کی 21 مئی سے 3 جون 2026 تک بیرون ملک رخصت کی درخواست بھی منظور کی گئی۔ دوسری جانب 25 مئی 2026 کو صدر مملکت نے اردن کے شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین اور اردنی عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد کا پیغام دیا۔ اپنے پیغام میں صدر نے کہا کہ پاکستان اور اردن کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک علاقائی و عالمی امور پر قریبی ہم آہنگی رکھتے ہیں اور توقع ظاہر کی کہ یہ برادرانہ تعلقات مستقبل میں مزید مضبوط ہوں گے۔ صدر نے نومبر 2025 میں شاہ عبداللہ دوم کے دورہ پاکستان کو دوطرفہ تعلقات میں سنگ میل قرار دیتے ہوئے اردن کے عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 19

کارروائی کے دوران گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، احمد علی مگسی اور وقاص گرفتاری کے ڈر سے روپوش ہیں۔ ترجمان سندھ رینجرز نے کہا کہ دونوں ملزمان پوشیدہ ٹھکانے سے پی آئی بی کالونی میں بھتہ وصولی کا منظم نیٹ ورک چلا رہے ہیں، گرفتار ملزمان احمد علی مگسی اور وقاص گروہ کے انتہائی اہم کارندے ہیں، ملزمان احمد مگسی اور وقاص مگسی کے احکامات پر پی آئی بی کالونی اور ملحقہ علاقوں میں فیکٹری مالکان، نجی بلڈرز اور دیگر کاروباری افراد سے بھتہ وصول کرنے کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔ گرفتار ملزمان بھتہ نہ ملنے پر فائرنگ کرنے کی دھمکی آمیز کالز کرنے اور خوف و ہراس پھیلانے میں ملوث ہیں، گرفتار ملزمان عادی مجرم ہیں اور اس سے پہلے بھی گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں جبکہ گرفتار ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ترجمان سندھ رینجرز نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کو بمعہ اسلحہ و ایمونیشن مزید قانونی کارروائی کے لیے ایس آئی یو پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 20

ریلوے سٹیشن میں کیا۔ جدید سہولیات سے لیس عوام ایکسپریس میں 8 ایئر کنڈیشنڈ بوگیاں، آرام دہ سیٹوں سمیت دیگر سہولیات موجود ہیں جس میں 1234 مسافر سفر کر سکیں گے۔ اپ گریڈ کی گئی عوام ایکسپریس کی پہلی ٹرین ساڑھے 8 بجے پشاور سے کراچی کیلئے روانہ ہوئی جو پشاور سے براستہ راولپنڈی، لاہور، خانیوال، ملتان، بہاولپور، خان پور، لیاقت پور، رحیم یار خان، صادق آباد، ڈہرکی، پنوں عاقل، روہڑی، نواب شاہ، ٹنڈو آدم، حیدرآباد سے ہوتے ہوئے کراچی پہنچے گی۔ سیکرٹری و چیئرمین پاکستان ریلویز سید مظہر علی شاہ نے عوام ایکسپریس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹرین میں مسافروں کو جدید سہولیات بھی فراہم کی جا رہی ہے، جدید ٹرین میں سفر کرنے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ حادثہ سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہو سکتے، پاکستان ریلوے قومی یکجہتی کی علامت ہے، ریلوے سروسز کو مزید بہتر کریں گے، ہماری ریلوے سروسز کا پہیہ کبھی نہ رکے گا، ریلوے کی نئی سروسز اور بزنس دونوں مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔

بقیہ 21

ٹیکنالوجی کے فروغ پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر تجارت نے زرعی پیداوار میں بہتری اور معیاری بیجوں کیلئے چینی تعاون پر زور دیا جبکہ معدنی شعبے میں سرمایہ کاری اور پاکستانی تانبا، سیسہ، زنک سمیت دیگر معدنیات کی برآمدات بڑھانے کے امکانات پر بھی بات چیت کی گئی۔ دونوں ممالک کے درمیان ڈیجیٹل تجارت اور ای کامرس تعاون کو فروغ دینے، پاکستانی برآمد کنندگان کو چینی مارکیٹ تک بہتر رسائی دینے اور حلال، زرعی اجناس و فوڈ مصنوعات کی برآمدات بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستانی گوشت اور پولٹری مصنوعات کی چین کو برآمد کے حوالے سے بھی پیش رفت سامنے آئی۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کے دورہ چین کے دوران ہونے والے کاروباری روابط کو دوطرفہ تجارت کیلئے اہم قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 22

جاری کیے، جن میں واٹر ٹینک، کمبل، میٹرس، ادویات، پانی کولر، برتن، ٹینٹ اور دیگر ضروری اشیاء شامل ہیں، جو فوری طور پر فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس دکھ اور آزمائش کی گھڑی میں صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل طور پر کھڑی ہے اور ہر ممکن تعاون کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ متاثرہ علاقے میں صفائی ستھرائی کے انتظامات فوری مکمل کیے جائیں اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ضلعی انتظامیہ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ متاثرین کے نقصانات کے ازالے اور بحالی کے عمل کو تیز رفتار اور شفاف انداز میں مکمل کیا جائے گا۔

بقیہ 23

نے کہا۔ کہ دہشت گرد عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں اور پوری قوم ان کے ناپاک عزائم کو ناکام بنائے گی۔ بلوچستان میں بدامنی پھیلانے والے عناصر ملک دشمن قوتوں کے آلہ کار ہیں جو پاکستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کے اتحاد اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ حاجی ملک شاہ گورگیج نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

بقیہ 24

وے پر اسماعیلیہ کے قریب مسافر وین اور بس کے درمیان خوفناک تصادم کے باعث 16 مسافر جاں بحق اور 8 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق بس سڑک کنارے کھڑی تھی کہ پیچھے سے آنے والی وین تیز رفتاری کی وجہ اس سے جا ٹکرائی، بس کراچی سے بونیر اور وین راولپنڈی سے دیر جا رہی تھی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ وین ڈرائیور کی مبینہ غفلت کے باعث پیش آیا ہے۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاشوں اور زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جا رہی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے سوات ایکسپریس وے پر پیش آنے والے ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی ہے۔

بقیہ 25

موجود مقامی بلوچ شہری بالخصوص بچے اور خواتین شدید متاثر ہوئے، خودکش دھماکے کے نتیجے میں متعدد قریبی گھروں، پلازہ اور پارکنگ میں کھڑی گاڑیوں اور دیگر املاک کو بھی شدید نقصان پہنچا، دھماکے سے 14 افراد شہید اور متعدد زخمی ہوئے، جنہیں فوری طور پر سیکیورٹی فورسز نے طبی امداد فراہم کی۔ فتنہ الہندوستان جس میں فوجی اہداف کو نشانہ بنانے اور فوجی جوانوں سے لڑنے کی ہمت نہیں رہی ہے معصوم بلوچ آبادی کو نشانہ بنا رہی ہے، فتنہ الہندوستان کی اس دہشت گردی کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور امن سبوتاژ کرنا ہے۔ ذوالحجہ کے بابرکت ایام میں عید قربان کے قریب اس طرح کی دہشتگردی ان عناصر کو درندہ صفت ثابت کرتی ہے، غیور اور نڈر بلوچ عوام میں دہشتگردوں کی اس بزدلانہ کارروائی کے خلاف شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، نہ صرف مقامی شہری آبادی نے بلکہ ہر مکتب فکر نے اس بزدلانہ کارروائی کی شدید مذمت کی ہے۔ شہریوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد بلوچستان کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، نہتے شہریوں، مزدوروں اور مسافروں کو نشانہ بنانا کھلی سفاکیت اور انسانیت سوز جرم ہے۔

بقیہ 26

معاوضہ کمیٹی کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس میں متاثرہ افراد کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں شہداء اور زخمیوں کی مکمل فہرستیں متعلقہ اداروں کی جانب سے فراہم کی گئیں جبکہ زخمیوں کو دی جانے والی طبی سہولیات اور متاثرہ خاندانوں کو ممکنہ امداد کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ کمیٹی کو حادثے کے نتیجے میں نقصان پہنچنے والی گاڑیوں، عمارتوں اور دیگر املاک سے متعلق ابتدائی ڈیٹا بھی پیش کیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی گئی کہ نقصانات کا مکمل تخمینہ جلد از جلد مرتب کر کے رپورٹ پیش کی جائے تاکہ متاثرین کو بروقت ریلیف اور معاوضہ فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن معاونت یقینی بنائی جائے گی اور تمام ادارے باہمی رابطے کے ساتھ امدادی و بحالی اقدامات جاری رکھیں گے۔

بقیہ 27

میں مسجد حرام کے اندر خدمات اور سہولیات میں مسلسل ترامیم اور بہتری کی بنیاد پر بورڈز کے مواد کو اپ ڈیٹ کرنا شامل ہے تاکہ فراہم کردہ معلومات کی درستی اور فیلڈ میں ہونے والی تبدیلیوں کے ساتھ ان کی ہم آہنگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ عمومی مقتدرہ نے تصدیق کی ہے کہ یہ اقدام لوکیشن گائیڈنس کے نظام کو مضبوط بنانے اور اس کی کارکردگی کو بلند کرنے کی اس کی خواہش کے فریم ورک کے تحت کیا گیا ہے۔ اس کے لیے واضح اور اپ ڈیٹ شدہ معلومات فراہم کی گئی ہیں جو زائرین کو ان کے مقامات کا تعین کرنے اور خاص طور پر رش کے اوقات میں مؤثر طریقے سے نقل و حرکت کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ اسی تناظر میں انت هنا (آپ یہاں ہیں) بورڈز پوچھ گچھ کے نتیجے میں ہونے والے رش کو کم کرنے اور ہجوم کو زیادہ روانی کے ساتھ گائیڈ کر کے زائرین کے تجربے کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ پروجیکٹ مسجد حرام کے اندر تنظیمی کوششوں کو سپورٹ کرتا ہے۔ یہ اقدام ان ترقیاتی منصوبوں کے ایک پیکیج کے تحت بھی آتا ہے جنہیں عمومی مقتدرہ ضیوف الرحمٰن کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار کو بلند کرنے اور معیار، درستی اور رسائی کی آسانی پر مبنی ایک مربوط تجربہ فراہم کرنے کے مقصد سے نافذ کرتی ہے۔

بقیہ 28

اس لمحے سورج بالکل خانہ کعبہ کے اوپر ہو گا جس کے باعث مکہ مکرمہ میں سایہ مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عام طور پر خانہ کعبہ کے اوپر سورج کا یہ زاویہ سال میں دو بار بنتا ہے، جس کی وجہ مکہ مکرمہ کا جغرافیائی محل وقوع ہے، جو تقریباً 21.4 ڈگری شمالی عرض بلد پر واقع ہے۔ اس دوران سورج خط استوا اور مدار سرطان کے درمیان حرکت کرتا دکھائی دیتا ہے۔ تاہم اس سال اس مظہر کی خاص بات یہ ہے کہ یہ یوم عرفہ کے ساتھ موافق ہو رہا ہے، جو ایک نایاب اتفاق ہے۔ اس سے قبل ایسا 1993 میں ہوا تھا۔ ماہرین کے مطابق یہ فرق قمری (ہجری) اور شمسی (عیسوی) کیلنڈرز کے درمیان فرق کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور تقریباً 33 سال بعد دوبارہ ایک ہی تاریخ پر ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے۔ سعودی عرب کے نیشنل سینٹر فار میٹرولوجی نے واضح کیا ہے کہ یہ ایک قدرتی اور معمول کا فلکیاتی مظہر ہے جس کا درجہ حرارت میں غیر معمولی اضافے سے کوئی لازمی تعلق نہیں۔ ادارے کے ترجمان حسین القحطانی کے مطابق موسم کی شدت کا انحصار کئی عوامل پر ہوتا ہے جن میں نمی، بادلوں کی موجودگی، ہوا کی رفتار اور فضائی دباؤ شامل ہیں، نہ کہ صرف سورج کی پوزیشن پر۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس مظہر کی نگرانی ہر سال معمول کے مطابق کی جاتی ہے اور عوام کو چاہیے کہ وہ موسم سے متعلق معلومات کے لیے صرف مستند ذرائع پر انحصار کریں۔

بقیہ 29

روک دیا۔ 26 سالہ حمزہ شیراز نے ریٹائرڈ ٹیرس کرافورڈ کی خالی کردہ ڈبلیو بی او سپر مڈل ویٹ بیلٹ جیت کر تاریخ رقم کر دی۔ فتح کے بعد پاکستانی نژاد برطانوی باکسر حمزہ شیراز نے رنگ میں سجدہ شکر ادا کیا اور ٹیم کے ہمراہ کامیابی کا یادگار جشن بھی منایا۔ حمزہ شیراز نے اپنی شاندار فتح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اس کامیابی کے بعد اب میں 168 پاؤنڈ کیٹیگری کے تمام عالمی باکسرز کا سامنا کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے یہ مقابلہ انتہائی آسان تھا، پہلا پنچ لگتے ہی حریف مکمل دباؤ میں آ گیا، میں نے اسے مسلسل پریشر میں رکھ کر شکست دے دی۔ حمزہ شیراز اس سے قبل ستمبر 2024 میں ٹائلر ڈینی کو شکست دے کر یورپی مڈل ویٹ ٹائٹل بھی اپنے نام کر چکے ہیں۔ پاکستانی سوشل میڈیا صارفین اور کھیلوں کے شائقین نے حمزہ شیراز کی تاریخی کامیابی کو پاکستان کے لیے باعث فخر قرار دے دیا۔

بقیہ 30

جنرل منیجر پاکستان عثمان ظہور کر رہے تھے جبکہ وفد میں مارکیٹنگ، کارپوریٹ امور اور مالیاتی معاملات سے متعلق سینئر نمائندگان بھی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر خزانہ نے حکومت کے وسیع تر مالیاتی اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی ڈالی جس کا مقصد محصولات میں اضافہ، ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا، نفاذ کے نظام کو مؤثر بنانا اور ٹیکنالوجی پر مبنی شفاف نظام کے ذریعے مالیاتی نظم و نسق کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس انتظامیہ میں جاری اصلاحات جو افراد، طریقہ کار اور ٹیکنالوجی پر مرکوز ہیں، کی تعمیل کو بہتر بنانے، مالیاتی بے ضابطگیوں کو کم کرنے، اور معیشت کے تمام شعبوں میں منصفانہ محصولات کی وصولی یقینی بنانے کے لیے متعارف کرائی جا رہی ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن، ٹیکنالوجی پر مبنی نگرانی کے نظام اور متعلقہ اداروں کی مربوط کارروائیوں کی بدولت نفاذ کے اقدامات مزید مؤثر ہوئے ہیں جس کے نتیجے میں مختلف شعبوں میں تعمیل اور محصولات کی وصولی میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ چینی، سیمنٹ، مشروبات، ٹیکسٹائل اور تمباکو سمیت مختلف صنعتوں میں نفاذی اقدامات غیر قانونی اور غیر دستاویزی معاشی سرگرمیوں کی روک تھام میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ پی ٹی سی کے وفد نے حکومت کی اصلاحاتی اور نفاذی کوششوں کو سراہتے ہوئے تمباکو کے شعبے سے متعلق مختلف امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا جن میں ایکسائز ٹیکس، غیر قانونی تجارت، مارکیٹ کی صورتحال اور برآمدی مسابقت شامل تھے۔ وفد نے غیر قانونی اور قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف حالیہ اقدامات کو مثبت قرار دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ رسمی معیشت کے فروغ اور پائیدار محصولات کے حصول کے لیے ایک مستحکم اور قابل پیش گوئی ٹیکس نظام ناگزیر ہے۔ گفتگو کے دوران ریگولیٹری اور ٹیکس سے متعلق امور، شعبہ جاتی مسابقت، مارکیٹ رجحانات اور غیر دستاویزی معیشت میں سرگرم غیر قانونی مصنوعات کے حصے کو کم کرنے کے لیے مؤثر نفاذ کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقوں نے وفاقی اور صوبائی اداروں کے مابین مربوط نفاذی نظام کے حوالے سے بھی آرا کا تبادلہ کیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ محصولات میں اضافہ اور مؤثر نفاذ حکومت کے مالیاتی اصلاحاتی پروگرام کے بنیادی ستون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پالیسی میں تسلسل اور تعمیل کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے تاہم ہر شعبے سے متعلق تجاویز کا جائزہ مجموعی مالیاتی اہداف اور قومی اقتصادی ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے لیا جائے گا۔ اجلاس میں تمباکو کے شعبے اور اس سے متعلق ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی برآمدی صلاحیت اور سرمایہ کاری کے مواقع پر بھی گفتگو ہوئی۔ وفد نے بعض مصنوعات کے لیے پاکستان کے علاقائی مینوفیکچرنگ اور برآمدی مرکز کے طور پر کردار کو اجاگر کیا اور بین الاقوامی منڈیوں میں موجود مواقع کے حوالے سے اپنے خیالات پیش کیے۔ اس کے علاوہ علاقائی سطح پر نفاذ، ٹیکس ماڈلز اور دیگر ممالک کی مارکیٹوں میں رائج ضابطہ جاتی طریقہ کار سے متعلق تجربات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے وفد کی تجاویز اور آرا کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تمام کاروباری شعبے کے ساتھ مسلسل مشاورت جاری رکھے گی تاکہ سرمایہ کاری، برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور پائیدار اقتصادی ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروبار میں آسانی، تعمیل کے مؤثر نظام اور زیادہ شفاف و مسابقتی اقتصادی ماحول کے قیام کے لیے اصلاحاتی عمل جاری رکھے گی۔

بقیہ 31

کے لئے مذاکرات کر رہا ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ فی الحال جوہری معاملات پر کوئی بات چیت نہیں ہو رہی، موجودہ سفارتی عمل کا مقصد صرف جنگ کا خاتمہ اور کشیدگی میں کمی ہے، دوسرے حساس معاملات اس مرحلے پر زیر بحث نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کا انتظام ساحلی ممالک کے ذمہ ہے۔۔۔۔

اطلاع برائے ٹیسٹ وانٹرویو

بحوالہ اشتہار نمبر PRQ NO4691/20-04-2026 تاریخ 21-04-2026 کے تحت جن امیدواروں نے اپنے درخواستیں ضلع کی سطح کی مختلف اسامیوں کے لئے جمع کروائی تھی ان کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے انٹرویو درج ذیل شیڈول کے مطابق ذیل دفتروں میں ہوں گے۔

شیڈول برائے انٹرویو

نمبر شمار	نام آسامی	ضلع	تاریخ/وقت انٹرویو	مقام انٹرویو
01	اٹینڈنٹ (BPS-01)، بیلدار (BPS-01)، ہرڈ مین (BPS-01)، شیپرڈ (BPS-01)، چوکیدار (BPS-01)، فارسٹ گارڈ (BPS-01)، خاکروب (BPS-01)	جعفرآباد	18-06-2026 (صبح 09 بجے)	بھاگناڑی کیٹل فارم جعفرآباد
02	اٹینڈنٹ (BPS-01)، چوکیدار (BPS-01)، خاکروب (BPS-01)	سبی	19-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ پولٹری فارم سبی
03	اٹینڈنٹ (BPS-01)، بیلدار (BPS-01)	حب	21-06-2026 (صبح 09 بجے)	ریڈ سندھی کیٹل فارم حب
04	اٹینڈنٹ (BPS-01)، نائب قاصد (BPS-01)، چوکیدار (BPS-01)، خاکروب (BPS-01)	خضدار	22-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم خضدار
05	اٹینڈنٹ (BPS-01)	قلات	24-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم قلات
06	چوکیدار (BPS-01)	سوراب	23-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ پولٹری فارم سوراب
07	اٹینڈنٹ (BPS-01)	مستونگ	25-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم مستونگ
08	اٹینڈنٹ (BPS-01)، بیلدار (BPS-01)، چوکیدار (BPS-01)، خاکروب (BPS-01)	پشین	26-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم پشین
09	اٹینڈنٹ (BPS-01)، چوکیدار (BPS-01)، خاکروب (BPS-01)	لورالائی	27-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم لورالائی
10	اٹینڈنٹ (BPS-01)، خاکروب	ژوب	28-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم ژوب
11	اٹینڈنٹ (BPS-01)، خاکروب (BPS-01)	قلعہ سیف اللہ	29-06-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ پولٹری فارم مسلم باغ
12	اٹینڈنٹ (BPS-01)، خاکروب (BPS-01)	کوہلو	01-07-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم کوہلو
13	اٹینڈنٹ (BPS-01)	نوشکی	03-07-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم نوشکی
14	اٹینڈنٹ (BPS-01)	پنجگور	05-07-2026 (صبح 09 بجے)	گورنمنٹ ڈیری فارم پنجگور

نوٹ:۔ (1) امیدواروں کو انٹرویو میں حصہ لینے کے لئے کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائے گا۔ (2) تمام امیدوار اپنے اصل تعلیمی اسناد/لوکل ڈومیسائل اور شناختی کارڈ ہمراہ لائیں بصورت دیگر امیدوار کو انٹرویو میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ (3) انٹرویو کے دوران کسی قسم کی الیکٹرانک آلات (موبائل وغیرہ) لانے کی سخت ممانعت ہے۔

چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی/ڈائریکٹر جنرل فارمز اینڈ فیڈ ریسورسز لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 5352/25-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The procurement of works listed below for which Notice Inviting Tender on sealed percentage rates based on CSR 2023 Govt: of Balochistan are invited from interested Contractors / Firms with detailed terms & conditions are given below. The tender fee Rs.1000/- will be deposited through green challan in the National Bank of Pakistan Ziarat Branch under the head of account **C-02716 (Building CWPP&H Receipt) at the rate shown against each** work as mentioned below:- **EARNEST MONEY** 3% of the Bid cost in the shape of a call deposit, **RELEVANT CATEGORY C-6 & Above DATE OF COMPLETION** 30TH JUNE 2027

S.#	NAME OF WORK.	E/COST
I.	Major Repair Of 143 Labor Rooms In Balochistan PSDP No 2166 Z2025.1656 At RHC Ahmadoon, RHC Mana And RHC Aghbarg District Ziarat **TSE-2526051078393**	12,640,668

Eligibility of Bidders Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Presence in Active Taxpayer List (ATL) is mandatory. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan. Balochistan Revenue Authority (BRA) Registration is required. The bidder must have completed three assignments of a similar nature, each worth 100% of the estimated cost in the previous three years. The detailed technical soundness requirements are in the bidding documents Turnover for each Scheme as per the bidding document Registration with Pakistan Engineering council (PEC) and all specialized coda are mentioned each work bidding documents CDR and Green Chalan in original/Hard Copy must be reached before closing in the office of the Executive Engineer, building CW PP&H district Ziarat **Method of Procurement** Single Stage, Two Envelope Procedure. **Bid Security** The bid must include a Call Deposit Receipt (CDR) in the amount specified, issued in the name of the undersigned, from a scheduled bank under the contractor's title account. Fake Call Deposits will result in the blacklisting of the firm. **Tender Documents** Can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Last Date for Bid Submission**: 09 June, 2026 till 10:00 AM **Tender Opening**: 09 June, 2026 till 11:00 PM The financial bids opening date will be announced later. **Additional Conditions** Bid security (CDR) for technically non-responsive bidders will be returned within 30 days. Bid Validity Period: 90 days. An affidavit on non-judicial stamp paper (PKR 100/-) must declare: The firm has never been blacklisted. All documents and information submitted are true and correct. Documents will be verified from relevant authorities. Contractors who failed to complete previous projects without valid reasons are ineligible to participate. **For any queries, please contact the Executive Engineer, Building Communication Works, PP&H, District Ziarat Office through one of the following: Contact Number: 0334-2401155**

Email: executiveengineer2.ziarat@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDING
Communication Works PP&H
District Ziarat.

PRQ No.5285/25-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan